Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 | ہفتہ، 02 ستمبر 2023ء، 15 صفر المظفر 1445ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 126

پاکستان ایسا خطہ چاہتا ہے جہاں امن قائم ہو، جہاں تجارت و خوشحالی ہو، اقوام متحدہ کے امن مشن اور سیکیورٹی اجلاس سے خطاب

سلامتی کونسل اور یو این سیکریٹری مسئلہ کشمیر کے حل میں کردار ادا کریں، آرمی چیف

چیف آف آرمی اسٹاف نے امن دستوں کو درپیش بڑھتے ہوئے چیلنجز اور خطرات کو اجاگر کیا اور کہا کہ عالمی امن کی بحالی میں اقوام متحدہ کا کردار لائق تحسین ہے

پاکستان ایک ایسا خطہ چاہتا ہے جہاں امن قائم ہو، جہاں تجارت، ٹرانزٹ اور سرمایہ کاری جنوبی، مغربی اور وسطی ایشیا کی تمام ریاستوں کے لئے خوشحالی کا باعث بنے

اسلام آباد (خبر نگار) آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل اور جنرل سیکریٹری سے مسئلہ جموں و کشمیر کے حل میں کردار ادا کرنے کا مطالبہ کر دیا اور کہا کہ پاکستان ایک ایسا خطہ چاہتا ہے جہاں امن قائم ہو۔ اقوام متحدہ کے امن مشن کے وزارتی اجلاس کے حوالے سے تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کا انعقاد ہوا۔ اجلاس میں چیف آف آرمی اسٹاف عاصم منیر نے اختتامی سیشن میں بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ امن مشن کے تحفظ اور سیکیورٹی کے موضوع پر منعقدہ اجلاس کی مشترکہ میزبانی پاکستان اور جاپان نے کی۔ اجلاس میں مختلف ممالک کے مندوبین، اقوام متحدہ کے اعلیٰ حکام اور اسلام آباد میں سفارتی برادری کے ارکان نے شرکت کی۔ چیف آف آرمی اسٹاف نے امن دستوں کو درپیش بڑھتے ہوئے چیلنجز اور خطرات کو اجاگر کیا اور کہا کہ عالمی امن کی بحالی میں اقوام متحدہ کا کردار لائق تحسین ہے، اقوام متحدہ امن مشن کو اس قابل بنائے کہ وہ امن مشن پر مامور جوانوں کے تحفظ اور سیکیورٹی کو یقینی بناتے ہوئے پیچیدہ خطرات سے نمٹنے کے لئے مزید موثر سکے۔ جنرل عاصم منیر نے کہا کہ پاکستان ایک ایسا خطہ چاہتا ہے جہاں امن قائم ہو، جہاں تجارت، ٹرانزٹ اور سرمایہ کاری جنوبی، مغربی اور وسطی ایشیا کی تمام ریاستوں کے لئے خوشحالی کا باعث بنے، سلامتی کونسل اور اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل مسئلہ جموں و کشمیر کو سلامتی کونسل کی قراردادوں اور (بقیہ نمبر 1)

صدر مملکت کی بنوں میں فوجی قافلے پر خودکش حملے کی مذمت، شہدا کو خراج عقیدت

پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، صدر مملکت

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) صدر مملکت نے بنوں کے علاقے جانی خیل میں فوجی قافلے پر ہونے والے خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے حملے میں قیمتی جانی نقصان پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے (بقیہ نمبر 4)

نگران وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت، سموگ سے متعلق پیشگی اقدامات

تفصیلات کے مطابق پنجاب بھر میں 884 گاڑیوں کو چیک کیا گیا جبکہ 17 گاڑیوں کو وارننگ جاری کی گئیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ احمد جاوید قاضی نے سموگ سے متعلق پیشگی اقدامات کے بارے منعقدہ اجلاس میں اپنی گفتگو میں کہا کہ محکمہ ٹرانسپورٹ پنجاب کے افسران نے صوبہ بھر میں پنجاب انوائرمنٹ پروٹیکشن (کنٹرول اینڈ پریویشن (بقیہ نمبر 3)

سابق وزیر اعلیٰ چودھری پرویز الٰہی رہائی کے فوری بعد دوبارہ گرفتار

ذرائع کے مطابق چودھری پرویز الٰہی کو 3 ایم پی او کے تحت اسلام آباد پولیس نے ظہور الٰہی روڈ سے گرفتار کیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد پولیس نے صدر تحریک انصاف اور سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کو ایک بار پھر گرفتار کر لیا۔ ذرائع کے مطابق چودھری پرویز الٰہی کو 3 ایم پی او کے تحت اسلام آباد پولیس نے ظہور الٰہی روڈ سے گرفتار کیا، وفاقی پولیس چودھری (بقیہ نمبر 2)

پٹرولیم مصنوعات کی سمگلنگ سے محصولات میں کمی اور ملکی زرمبادلہ پر شدید دباؤ پڑتا ہے، ملک سے سمگلنگ کے ناسور کے خاتمے اور اداروں کی کارکردگی کا خود جائزہ لوں گا

سمگلنگ سے ملکی معیشت کے مجموعی حجم کو اربوں کا نقصان ہوتا ہے، نگران وزیر اعظم

نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ کی زیر صدارت سمگلنگ کی روک تھام کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں مختلف اشیا کی سمگلنگ کی صورتحال اور روک تھام کیلئے اٹھائے گئے اقدامات پر بریفنگ دی گئی

بلوچستان میں سمگلنگ میں ملوث سرکاری افسران کی انٹرایجنسی رپورٹ مرتب کر کے جلد پیش کی جائے، بلوچستان میں سمگلنگ میں ملوث افسران کے خلاف مؤثر محکمانہ کارروائی یقینی بنانے کی ہدایت کی

کسٹمز حکام اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے چینی اور پٹرولیم مصنوعات کی سمگلنگ روکیں، متعلقہ ادارے یوریا، زرعی اجناس اور دیگر اشیا کی سمگلنگ کے سدباب کیلئے اقدامات کریں، نگران وزیر اعظم

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ سمگلنگ کے ناسور کو ملک سے ختم کرنا ناگزیر ہو چکا ہے، ملکی معیشت کے مجموعی حجم کو سمگلنگ کی وجہ سے اربوں روپے کا نقصان ہوتا ہے۔ نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ کی زیر صدارت سمگلنگ کی روک تھام کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں مختلف اشیا کی سمگلنگ کی صورتحال اور روک تھام کیلئے اٹھائے گئے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر نگران وزیر اعظم نے کہا کہ کسٹمز حکام اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے چینی اور پٹرولیم مصنوعات کی سمگلنگ روکیں، متعلقہ ادارے یوریا، زرعی اجناس اور دیگر اشیا کی سمگلنگ کے سدباب کیلئے اقدامات کریں۔ نگران وزیر اعظم نے کہا کہ بلوچستان میں سمگلنگ میں ملوث سرکاری افسران کی انٹرایجنسی رپورٹ مرتب کر کے جلد پیش کی جائے، بلوچستان میں سمگلنگ میں ملوث افسران کے خلاف مؤثر محکمانہ کارروائی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ نگران وزیر اعظم نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی سمگلنگ سے محصولات میں کمی اور ملکی زرمبادلہ پر شدید دباؤ پڑتا ہے، ملک سے سمگلنگ کے ناسور کے خاتمے اور اداروں (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: آرمی چیف جنرل عاصم منیر خطاب کر رہے ہیں

انسداد دہشتگردی عدالت: ایمان مزاری کا 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ منظور

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) انسداد دہشت گردی کی عدالت نے ایمان مزاری کا 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ منظور کر لیا۔ دہشت گردوں کی مالی معاونت کے کیس میں ایڈووکیٹ ایمان مزاری (بقیہ نمبر 6)

بجلی پر کیپسٹی چارجز ترقیاتی بجٹ سے بھی دوگنا ہو گئے

رواں سال 2010 ارب روپے کیپسٹی چارجز کا تخمینہ، بجلی گھر 8344 ارب ہڑپ کر گئے

لاہور (نیوز رپورٹر) رواں مالی سال کے دوران بجلی کے کیپسٹی چارجز مختص ترقیاتی بجٹ سے بھی دوگنا ہو گئے۔ نجی ٹی وی نے دستاویزات کے حوالے سے بتایا ہے کہ رواں مالی سال کے دوران کیپسٹی چارجز 2010 ارب روپے کا تخمینہ ہے۔ 10 سال میں بجلی گھر کیپسٹی چارجز کی مد میں (بقیہ نمبر 7)

PTI چیئرمین کی زندگی، اہم حاضری سے استثنیٰ دیا گیا، خصوصی عدالت

خصوصی عدالت میں سائفر کیس سے متعلق کیس کی 2 سماعتیں ہوئیں، چیئرمین پی ٹی آئی کی زندگی اہم ہے

واضح رہے کہ گزشتہ روز خصوصی عدالت کے جج نے چیئرمین پی ٹی آئی کو بیٹوں سے فون پر بات کرنے کی بھی اجازت دے دی تھی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سیکرٹ ایکٹ کے تحت قائم خصوصی عدالت نے پی ٹی آئی چیئرمین کا جسمانی ریمانڈ منظور نہ کرنے کے حوالے سے عدالتی حکم نامہ جاری کر دیا۔ عدالتی حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ خصوصی عدالت میں سائفر کیس سے متعلق کیس کی 2 سماعتیں ہوئیں، چیئرمین پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 8)

الیکشن کمیشن کا نئی حلقہ بندیاں 30 نومبر تک مکمل کرنے کا فیصلہ

چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں سیاسی جماعتوں سے مشاورت اور فیڈ بیک مدنظر رکھتے ہوئے اہم اجلاس ہوا

الیکشن کمیشن کا کہنا ہے کہ اب حلقہ بندیوں کی اشاعت 30 نومبر کو ہوگی، حلقہ بندیوں کے دورانیے کو کم کرنے کا مقصد جلد الیکشن ممکن بنانا ہے

اسلام آباد (خبر نگار) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے نئی حلقہ بندیوں کا دورانیہ کم کر دیا، الیکشن کمیشن نے نئی حلقہ بندیوں کا عمل 30 نومبر تک مکمل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں سیاسی جماعتوں سے مشاورت اور فیڈ بیک مدنظر رکھتے ہوئے اہم اجلاس (بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد: بلوں میں ریلیف کی کوششیں جاری، تفصیلات فیصلوں کی شکل میں سامنے آئیں گی، مرتضیٰ سولنگی

ڈالر بے لگام، اوپن مارکیٹ میں ڈالر 4 روپے مہنگا ہو گیا

ڈالر کی قیمت 330 روپے ہو گئی، انٹربینک میں ڈالر 305 روپے 50 پیسے کا ہو گیا ہے

کراچی (نیوز رپورٹر) ڈالر بے قابو، اوپن مارکیٹ میں ڈالر مزید 4 روپے مہنگا ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق نگران حکومت آنے کے بعد ڈالر کی قیمت میں ہر گزرتے دن کے ساتھ اضافہ (بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد: پوری کوشش ہے عوام کو اشیائے ضروریات مناسب دام پر مہیا ہوں: وزیر منصوبہ بندی و ترقی

ایف آئی اے کو پی آئی اے آفیشلز کے خلاف کوئی خط نہیں لکھا، ایف بی آر

پی آئی اے افسران کے سرکاری فنڈز کے غلط استعمال کا خط جعلی ہے، اعلامیہ

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) ایف بی آر نے ایف آئی اے کو پی آئی اے آفیشلز کے خلاف لکھے گئے خط کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ پی آئی اے افسران کے سرکاری فنڈز کے غلط استعمال کا خط (بقیہ نمبر 16)

معاشی مواقع چھیننے کی وجہ سے لوگ ملک چھوڑ کر جا رہے ہیں، سپریم کورٹ

سپریم کورٹ میں نیب ترامیم کیخلاف چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی درخواست پر سماعت ہوئی

چیف جسٹس نے دوران سماعت ریمارکس دیئے کہ کاروباری افراد کو ایسا فائدہ ملنا قابل قبول ہے لیکن عوامی عہدیداروں کو نہیں

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) چیف جسٹس پاکستان نے نیب ترامیم کیس میں ریمارکس دیئے ہیں کہ معیشت کے شعبے کو سیاسی طاقتوروں کیلئے مختص کر دیا گیا، معاشی مواقع چھیننے کی وجہ سے لوگ ملک چھوڑ کر جا رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ میں نیب ترامیم کیخلاف چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی درخواست پر سماعت ہوئی، چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطاء بندیال کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے سماعت کی۔ عمران خان کے وکیل خواجہ حارث نے دلائل دیئے کہ شکایت کنندہ چاہے نیب ہو مگر پیسہ عوام کا تھا، کرپشن مقدمات کا عوامی حقوق سے براہ راست تعلق ہوتا ہے۔ جسٹس منصور علی شاہ نے وکیل سے استفسار کیا کہ پارلیمنٹ اگر اپنے فائدے کیلئے قانون بنا بھی لے تو عدالت کیا کر سکتی ہے؟۔ خواجہ حارث نے جواب دیا کہ آرٹیکل 9 (بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد: نیب ترامیم سے رواں سال مستفید افراد کی رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع

کراچی: باپ، بیٹیوں کو گاڑی تلے کچلنے والے ڈرائیور کا بیان سامنے آ گیا

کراچی (کرائم رپورٹر) گلشن اقبال کے علاقے میں باپ، 2 کمسن بیٹیوں اور بھانجی سمیت 5 افراد کو کچلنے والے گرفتار ڈرائیور کا بیان سامنے آ گیا، جس میں اس کا کہنا تھا کہ حادثے کے بعد گھبراہٹ میں موقع سے فرار ہوا تھا۔ اتوار کے روز گلشن اقبال بلاک 7 میں باپ 2 کمسن بیٹیوں اور بھانجی (بقیہ نمبر 15)

نیب ترامیم سے رواں سال مستفید افراد کی رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع

نیب کی رپورٹ کے مطابق رواں سال 30 اگست تک 12 ریفرنسز نیب عدالتوں سے منتقل ہوئے ہیں

ترامیم سے فائدہ اٹھانے والوں میں سابق صدر آصف زرداری اور سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی بھی شامل ہیں

اسلام آباد (نامہ نگار) نیب ترامیم سے رواں سال مستفید افراد کی رپورٹ سپریم کورٹ آف پاکستان میں جمع کرا دی گئی۔ نیب ترامیم کے خلاف چیئرمین پی ٹی آئی کی درخواست پر سپریم کورٹ آف پاکستان میں سماعت کے دوران 7 صفحات پر مشتمل رپورٹ جمع کرائی گئی۔ نیب کی (بقیہ نمبر 17)

امیر شمالی پنجاب سید عنایت اللہ کی راجہ بابر کرامت سے ملاقات

حلقہ سے مثبت نتائج ملنے کا یقین راجہ بابر کرامت کی پارٹی کے لیے گراں قدر ہیں سید عنایت اللہ

گوجر خان (قمر شہزاد) گزشتہ روز امیر شمالی پنجاب ٹی ایل پی سید عنایت اللہ شاہ کی امیدوار برائے صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 9 گوجر خان راجہ بابر کرامت کی رہائش گاہ میڈیا مان آمد علاقائی اور ملکی سیاسی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا اور آمدہ الیکشن کے حوالے موجودہ بجلی کے ظالمانہ بلوں اور مہنگائی بیروزگاری کے حوالے سے خصوصی گفتگو ہوئی اس موقع پر امیر شمالی پنجاب سید عنایت اللہ شاہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ راجہ بابر کرامت کی حلقہ پی پی نو میں الیکشن کمپین اور تنظیمی حوالے سے ان کی کاوشوں کو سراہا اور خراج تحسین پیش کیا ان کا مزید کہنا تھا کہ حلقہ پی پی 9 سے ہمیں مثبت نتائج ملنے کا یقین (بقیہ نمبر 18)

الیکشن کمیشن نے نئی حلقہ بندیوں کا دورانیہ کم کر دیا

حلقہ بندیاں کے دورانیے کو کم کرنے کا مقصد جلد الیکشن کا انعقاد ممکن بنانا ہے

حلقہ بندیوں کی تاریخ مدنظر رکھ کر الیکشن کی تاریخ کا اعلان کیا جائے گا، اعلامیہ

اسلام آباد (نامہ نگار) الیکشن کمیشن نے نئی حلقہ بندیوں کا دورانیہ کم کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن نے حلقہ بندیاں 30 نومبر تک مکمل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے اجلاس کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا، اعلامیے میں کہا گیا کہ 30 نومبر کو حلقہ بندیوں کی حتمی اشاعت کی جائے گی، جتنا جلد ہو سکا حلقہ بندیاں مکمل کی جائیں گی۔ اعلامیے کے مطابق حلقہ بندیوں کی تاریخ مدنظر رکھ کر الیکشن کی تاریخ کا اعلان ہوگا، حلقہ بندیاں کے دورانیے کو کم کرنے کا مقصد جلد الیکشن کا انعقاد ممکن بنانا ہے۔ جبکہ اس سے قبل حلقہ بندیوں کی اشاعت 14 دسمبر کو ہونی تھی۔ قبل ازیں چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ (بقیہ نمبر 24)

اے سی گوجر خان کی کھلی کچہری شہریوں کی کثیر تعداد میں شرکت

ٹاؤٹ مافیا کا داخلہ سختی منع شہری اپنے جائز مسائل کے لیے ڈائریکٹر متعلقہ افسر کے پاس جائیں

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ آف پنجاب کے احکامات پر ہر ماہ کی یکم اور 2 تاریخ کو عوامی مسائل کے حل کے لیے تحصیل آفس میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کے سلسلے میں آج یکم ستمبر کو اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان میاں مراد حسین نیکوکارہ نے ریونیو آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جس میں شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی اے سی گوجر خان نے تحصیلدار، گرداور، پٹواریوں ا (بقیہ نمبر 22)

فیصل آباد سبزی فروش کے قتل میں ملوث ایف اے کا طالب علم گرفتار

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد سبزی فروش کے قتل میں ملوث ایف اے کے طالب علم کو گرفتار کر لیا گیا، طالب علموں نے بس نہ روکنے کی رنجش پر ڈرائیور پر فائرنگ کی تھی، جس سے سبزی فروش جاں بحق ہو گیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق فیصل (بقیہ نمبر 23)

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی

13 ملزمان گرفتار، 06 کلو سے زائد چرس، 43 بوتل اور 63 لیٹر شراب برآمد

منشیات کے ناسور کے خاتمہ کے لیے کریک ڈاؤن جاری رہے گا، سی پی او سید خالد ہمدانی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی، 13 ملزمان گرفتار، 06 کلو سے زائد چرس، 43 بوتل اور 63 لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے ملزم عدیل سے 01 کلو 300 گرام چرس، ملزم شبیر سے (بقیہ نمبر 26)

سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے گرلز کالج منگھوٹ کیلئے بس سروس فراہم کر دی، آج ہفتے کو اس کا باقاعدہ افتتاح کیا جائے گا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کی کاوشوں سے گرلز کالج منگھوٹ کی طالبات کی سفری مشکلات ختم (بقیہ نمبر 25)

فیصل آباد شہر اور گردونواح میں چوری، ڈکیتی و راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری

فیصل آباد (کرائم رپورٹر) فیصل آباد شہر اور گردونواح میں چوری، ڈکیتی و راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری، 110 زائد مقامات پر وارداتیں، وارداتوں کے دوران ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہ لاکھوں کے زیورات، نقدی اور قیمتی سامان، موبائل فونز چھین لئے جبکہ (بقیہ نمبر 27)

ایل ڈی اے ٹیموں کا غیر قانونی تعمیرات/ قبضہ مافیا کے خلاف آپریشن

ایل ڈی اے ٹیموں نے ملٹری اکاؤنٹس سوسائٹی میں غیر قانونی مارکیٹ/ دکانیں مسمار کر دیں

متعدد غیر قانونی تعمیرات مسمار و سربمہر، ٹاؤن شپ میں پانچ مرلے کا پلاٹ وگزار کروالیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) کمشنر لاہور و ڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا کی ہدایت پر ایل ڈی اے ٹیموں نے گزشتہ روز جوہر ٹاؤن، ملٹری اکاؤنٹس اور ٹاؤن شپ میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف آپریشن کر کے متعدد املاک سربمہر و مسمار کر دیں۔ آپریشن ایڈیشنل ڈی جی ہاؤسنگ کیپٹن (ر) شاہ میر اقبال کی نگرانی میں ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ فور علی نصرت اور ڈائریکٹر ہاؤسنگ ظفر اقبال نے کیا۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے ملٹری اکاؤنٹس سوسائٹی میں غیر قانونی مارکیٹ/ دکانیں مسمار کر دیں۔ جوہر ٹاؤن میں پلاٹ (بقیہ نمبر 28)

پاک فضائیہ کی یوم دفاع کی مناسبت سے مختصر دستاویزی فلم جاری

پاک فضائیہ کے شعبہ تعلقات عامہ نے ستمبر 1965 کی جنگ کی مناسبت سے پاکستان ایئر فورس کے سپوتوں کی جرات و بہادری پر بننے والی مختصر دستاویزی فلم جاری کر دی جس میں 01 ستمبر 1965 کے دن ہونے والے فضائی معرکے کا احوال بیان کیا گیا ہے۔

ترجمان پاک فضائیہ

عوام کیلئے ایک اور بری خبر، ٹرینوں کے کرایوں میں 5 فیصد اضافہ کر دیا گیا

ریلوے انتظامیہ نے پارسل اور لگیج ریٹ بھی 5 فیصد بڑھا دیئے، نوٹیفکیشن جاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) مہنگائی کے ستائے عوام کیلئے ایک اور بری خبر، ٹرینوں کے کرایوں میں اضافہ کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق مہنگائی کے باعث لوگ تو پہلے ہی پریشان تھے۔ اب مہنگی بجلی، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور پیٹرولیم مصنوعات کے نرخوں کے باعث لوگوں کا جینا دوبھر ہو گیا (بقیہ نمبر 9)

ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر ایبٹ آباد نے ملاوٹ شدہ دودھ اور نرخنامیکی خلاف ورزی پر دکانیں سیل کر دیں

ایبٹ آباد (جنرل رپورٹر) ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر ایبٹ آباد نے ملاوٹ شدہ دودھ کی فروخت اور نرخنامیکی خلاف ورزی پر 2 دکانیں سیل کر دیں۔ شہریوں کو ریٹ لسٹ کے مطابق اشیاء خورد و نوش کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے ضلعی انتظامیہ ایبٹ آباد کی جانب سیروزانہ کی بنیاد پر چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر علی شیر خان خلیل نے تحصیل سینٹری انسپکٹر، لائیوسٹاک (بقیہ نمبر 11)

لاہور ہائیکورٹ کا پرویز الٰہی کے رہائی کے فیصلے پر من و عن عملدرآمد کا حکم

پرویز الٰہی کو نظر بندی کے قانون کے تحت بھی حراست میں نہ لیا جائے، تحریری فیصلہ جاری

لاہور (جنرل رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے سابق وزیر اعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی کو رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ میں سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کی نیب میں گرفتاری کیخلاف کیس کی سماعت ہوئی، جسٹس امجد رفیق نے کیس کی سماعت کی۔ نیب نے آج عدالتی حکومت (بقیہ نمبر 10)

سربراہ پاک فضائیہ کی ترک ایئر فورس اکیڈمی میں گریجویشن اور پرچم کشائی کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت

دورہ ترکیہ کے دوران بطور مہمان خصوصی ترک ایئر فورس اکیڈمی میں منعقدہ گریجویشن اور پرچم کشائی کی تقریب میں شرکت کی

ترک ایئر فورس اکیڈمی میں منعقدہ گریجویشن اور پرچم کشائی کی تقریب فارغ التحصیل ہونے والے کیڈٹس کے لیے انتہائی فخر اور اعزاز کی بات ہے

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) ترک ایوان صدر کی خصوصی دعوت پر سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے اپنے دورہ ترکیہ کے دوران بطور مہمان خصوصی ترک ایئر فورس اکیڈمی میں منعقدہ گریجویشن اور پرچم کشائی کی تقریب میں شرکت کی۔ تقریب میں قطر کے وزیر مملکت (بقیہ نمبر 64)

سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کو دورہ ترکیہ کے دوران بطور مہمان خصوصی ترک ایئر فورس اکیڈمی میں منعقدہ گریجویشن اور پرچم کشائی کی تقریب میں شرکت، ترک صدر طیب اردوان مصافحہ کر رہے ہیں

بڑھتی مہنگائی، کم تنخواہیں اور تنخواہ نہ بڑھانا کمپنی ملازمین میں مایوسی کی وجہ بننے لگی

لاہور (نیوز رپورٹر) بڑھتی مہنگائی، کم تنخواہیں اور تنخواہیں نہ بڑھانا کمپنی ملازمین میں مایوسی کی وجہ بننے لگی ہے۔ نشریاتی ادارے کی ایک رپورٹ سامنے آئی ہے جس میں گیلپ سروے کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ جب ملازمین کا خیال نہیں رکھا جاتا تو کام سے ان کا لگاؤ بھی ختم ہو جاتا ہے۔ رپورٹ (بقیہ نمبر 19)

اے این ایف کی کارروائیاں، 5 ملزمان گرفتار، 45 کلوگرام منشیات برآمد

سیالکوٹ میں واقع کوریئر آفس میں پارسل سے ایک کلو 720 گرام آئس برآمد کی گئی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے منشیات سمگلنگ کے خلاف 7 کارروائیوں کے دوران 5 ملزمان کو گرفتار کر کے 45 کلوگرام منشیات برآمد کر لی۔ اے این ایف ترجمان کے مطابق اباسین یونیورسٹی پشاور کے قریب ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضے (بقیہ نمبر 20)

منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن پی پی 14 کے زیر اہتمام فری آئی کیمپ آج ہوگا

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن پی پی 14 کے زیر اہتمام ایک روزہ فری آئی اینڈ میڈیکل کیمپ آج صبح 9 تا 2 بجے دوپہر توحید انٹرنیشنل سکول سسٹم پیپلز کالونی گلی نمبر 2 میں منعقد ہوگا جس میں الشفاء ٹرسٹ آئی ہسپتال (بقیہ نمبر 21)

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی

13 ملزمان گرفتار، 06 کلو سے زائد چرس، 43 بوتل اور 63 لیٹر شراب برآمد

منشیات کے ناسور کے خاتمہ کے لیے کریک ڈاؤن جاری رہے گا، سی پی او سید خالد ہمدانی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی، 13 ملزمان گرفتار، 06 کلو سے زائد چرس، 43 بوتل اور 63 لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے ملزم عدیل سے 01 کلو 300 گرام چرس، ملزم شبیر سے (بقیہ نمبر 26)

نواز شریف کے آنے سے مہنگائی کے اندھیروں اور مایوسی کا خاتمہ ہوگا، مریم نواز

مریم نواز نے کہا کہ گزشتہ 4 برس کی بربادی کو دوبارہ خوشحالی میں تبدیل کرنے کا ہمارا عزم زندہ ہے

خیبر پختونخوا میں صوبائی، ڈویژن اور ضلع کی سطح پر آرگنائزنگ کمیٹیوں کی تشکیل اور یوتھ کو آرڈینیٹرز کی تقرری کا مرحلہ مکمل کر لیا

پشاور: پاکستان مسلم لیگ ن کی سینئر نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز خطاب کر رہی ہیں

پشاور (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) کی چیف آرگنائزر مریم نواز نے لندن میں مقیم نواز شریف کو عوام کی امید قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ان کے آنے سے مہنگائی کے اندھیروں اور مایوسی کا خاتمہ ہوگا۔ پاکستان مسلم لیگ) ن (نے خیبر پختونخوا میں صوبائی، ڈویژن اور ضلع کی سطح پر آرگنائزنگ کمیٹیوں کی تشکیل اور یوتھ کو آرڈینیٹرز کی تقرری کا مرحلہ مکمل کر لیا۔ اس موقع پر مریم نواز نے کہا کہ صوبے، ڈویژن، ضلع کے بعد اب تحصیل کی سطح پر یوتھ کو آرڈینیٹرز کی تقرری کا حتمی مرحلہ مکمل کرنے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کو پاکستان مسلم لیگ) ن (کا قلعہ بنانا ہے، صوبے اور عوام کو ترقی سے ہم (بقیہ نمبر 29)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar Rawalpindi

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت کی بحالی

بھارتی سپریم کورٹ نے اپنی حکومت سے مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت کو بحال کرنے کے لیے ٹائم فریم اور لائحہ عمل سے متعلق معلومات طلب کر لی ہیں۔ عدالت نے دریافت کیا ہے کہ نریندر مودی کی سربراہی میں بھارتی جنتا پارٹی) بی جے پی (نے خصوصی حیثیت بحالی کے لیے کیا منصوبہ بنایا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق چیف جسٹس کی سربراہی میں قائم بھارتی سپریم کورٹ کے پانچ رکنی بینچ نے بھارتی آئین سے کشمیر کی خصوصی حیثیت سے متعلق آرٹیکل 370 کے خاتمے کے خلاف دائر درخواست پر سماعت کی۔ بھارتی چیف جسٹس نے مودی حکومت سے کشمیر کی خصوصی حیثیت سے متعلق سوال اٹھایا کہ وہ سمجھتے ہیں کہ یہ قومی سلامتی سے متعلق امور ہیں، قوم کی حفاظت خود بنیادی امر ہے لیکن آپ کو مجبور کیے بغیر پوچھتے ہیں کہ مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت کی بحالی کا کوئی ٹائم فریم یا روڈ میپ ہے؟ حکومتی وکلا اس حوالے سے حکومت سے ہدایات لے کر عدالت کو آگاہ کر سکتے ہیں۔ حکومتی وکیل نے دلائل میں کشمیر کی حیثیت کی تنظیم نو کا حوالہ دیا اور بینچ کو آرٹیکل 370 میں تبدیلی کے بعد مقبوضہ کشمیر میں کیے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔ حکومتی وکیل نے عدالت کو بتایا کہ مقبوضہ کشمیر میں ریاست کے آئینی ڈھانچے کی ناکامی کے بعد گورنر راج لگا دیا گیا تھا جس کے خلاف 14 ماہ بعد آئینی درخواست دائر ہوئی۔ دلائل سننے کے بعد چیف جسٹس نے کہا کہ وہ اس دلیل کو مان رہے ہیں کہ پیشرفت پہلے ہی شروع ہو چکی ہے، آپ وقفے کے بعد روڈ میپ کی وضاحت کر دیں۔ جب بھارتی سپریم کورٹ مقبوضہ کشمیر کی بحالی کے روڈ میپ پر استفسار کر رہی تھی تو اسی وقت بھارتی فوج نے ریاستی دہشت گردی کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے تازہ کارروائی میں ضلع کپواڑہ میں ایک 42 سالہ شہری مختار احمد شاہ کو شہید کر دیا۔ قیام پاکستان کے ساتھ ہی پاکستان اور بھارت کے درمیان کشمیر کے مسئلے پر کشیدگی کا آغاز ہوا۔ ہر کشمیری روزِ اول سے پاکستان کے ساتھ الحاق چاہتا تھا۔ کشمیر میں بھارتی تسلط کے خلاف بغاوت ہوئی تو 1948 میں اس وقت کے بھارتی وزیراعظم جواہر لعل نہرو اس معاملے کو اقوام متحدہ لے گئے جہاں طے کیا گیا کہ معاملہ کشمیریوں کو استصوابِ رائے کا حق دے کر حل کیا جائے، اِسے بھارت نے بھی تسلیم کر لیا، بعد ازاں آرٹیکل 370 اور 35-A لاگو کر کے کشمیر کو خصوصی حیثیت دے کر اِس کا الحاق کر لیا گیا تاہم پانچ اگست 2019 کو نریندر مودی کی حکومت نے اپنے ہی آئین کی صریح خلاف ورزی کرتے ہوئے اسے وفاق کا حصہ بنا دیا۔ اِس ظالمانہ اور یکطرفہ فیصلے کے خلاف مقبوضہ کشمیر سمیت پوری دنیا میں سخت ردِعمل دیکھنے میں آیا جس کے بعد مودی حکومت نے کشمیر کا رابطہ پوری دنیا سے منقطع کر کے اِسے دنیا کی سب سے بڑی انسانی جیل میں تبدیل کر دیا۔ بھارتی فوج نے کشمیریوں پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑ ڈالے، تلاشی کے بہانے گھروں میں گھس کر نہ صرف نوجوانوں بلکہ معمر کشمیریوں پر بھی وحشیانہ تشدد کیا گیا۔ ماورائے عدالت قتل معمول بن گیا، خواتین کی عصمت دری کے ریکارڈ واقعات سامنے آئے، کم عمر بچوں کو بھی نہ بخشا گیا۔ اِس وقت سینکڑوں کشمیری نوجوان بریلی، آگرہ، جودھپور، دلی، الہ آباد اور دوسرے شہروں کی جیلوں میں قید ہیں اور ان پر وحشیانہ تشدد کیا جا رہا ہے۔ مقبوضہ کشمیر اِس وقت دنیا کا سب سے بڑا ٹارچر سیل ہے جہاں بغیر کسی الزام اور تحقیق کے کسی بھی شہری کو گولی کا نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔ مسلمانوں کی نسل کشی کے ساتھ ساتھ یہاں کشمیریوں کی اکثریت کو اقلیت میں بدلنے کے بھیانک منصوبے پر عمل ہو رہا ہے، بھارت کے دوسرے علاقوں سے متمول ہندوں کو لا کر وہاں بسایا جا رہا ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں دوسرے علاقوں سے آنے والے ہندوں کو لاتعداد مراعات دی جا رہی ہیں، اِس کے باوجود کشمیر میں آزادی کی شمع آج بھی روشن ہے۔ آج بھی مظاہروں، ہڑتالوں اور احتجاج کا سلسلہ جاری ہے۔ سپریم کورٹ میں آرٹیکل 370 کی بحالی کے حوالے سے 20 متفرق درخواستیں زیرِ سماعت ہیں تاہم اب دیکھنا یہ ہے کہ عدالت مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت بحال کر پاتی ہے یا نہیں۔ بھارتی سپریم کورٹ نے مودی حکومت سے کشمیر کی حیثیت کی بحالی کے لئے روڈ میپ تو طلب کیا ہے تاہم حالات یہی بتا رہے ہیں کہ بی جے پی حکومت مقبوضہ کشمیر کی (پرانی حیثیت) جو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق متنازعہ ہے (بحال کرنے پر بآسانی تیار نہیں ہوگی لیکن اسے یہ بات سمجھنا ہوگی کہ اگر وہ خطے میں امن چاہتی ہے تو اِسے اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیریوں کو اپنی مرضی سے اپنا مستقبل طے کرنے کا حق دینا ہوگا۔ ظلم اور جبر سے کشمیریوں کی زبان بندی ہو سکی، آزادی کی شمع بجھائی جا سکی اور نہ کبھی ایسا ہو سکے گا۔ تاہم حالات یہی بتا رہے ہیں کہ بی جے پی حکومت مقبوضہ کشمیر کی (پرانی حیثیت) جو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق متنازعہ ہے (بحال کرنے پر بآسانی تیار نہیں ہوگی لیکن اسے یہ بات سمجھنا ہوگی۔

حالات سامنے ہیں، حل تو بتا، توبہ ہی کر لو

ہمارے ملک میں نجی ملکیت کا تصور اتنا پختہ اور پشتوں سے چلا آ رہا ہے کہ اس کے لئے کشت وخون بھی ہو جاتے ہیں اور اب تو خون ہی اتنا سفید ہو گیا ہے کہ چار کنال کے ٹکڑے کے لئے بیٹا باپ پر تشدد کرتا ہے۔ بیوی شوہر کو مروا دیتی اور دوست، دوست کا گلا کاٹتا ہے۔ یہ تصور اگرچہ سامراجیوں اور مغربی ممالک کا ہے لیکن ہم نے اس میں بہتری کی کوئی راہ تلاش نہیں کی۔ ذوالفقار علی بھٹو کی پیپلز پارٹی طاقت کا سرچشمہ عوام ہیں اور سوشلزم ہماری معیشت ہے کے ساتھ آگے بڑھی تھی۔ اس جماعت میں ذہین ترقی یافتہ حضرات شامل ہوئے۔

چودھری خادم حسین

بابائے سوشلزم شیخ رشید تو پارٹی جھنڈے تلے آخری نیند سوئے۔ تاہم معراج محمد خان اور مختار رانا جیسے حضرات کی جماعت میں جگہ نہ رہی البتہ میاں رضا ربانی اور تاج حیدر موجود ہیں۔ ایسے حضرات نے شاید بھٹو صاحب اور پھر محترمہ بے نظیر بھٹو کے سوشل ڈیموکریسی والے فلسفے سے سمجھوتہ کر لیا تھا اور اب تک ہے۔ مولانا کوثر نیازی اور محمد حنیف رامے نے سوشلزم کو اسلامی سوشلزم اور مساوات محمدی بنانے کی بھرپور کوشش کی۔ لیکن وہ چاروں اصولوں میں سے سوشلزم کو نکال نہ سکے۔ اگرچہ خود ذوالفقار علی بھٹو نے 1970 والے انتخابات ہی کے دوران بعض غیر ملکی نامہ نگاروں سے انٹرویو میں واضح کر دیا تھا کہ وہ سوشلسٹ نہیں، سوشل ڈیموکریٹ ہیں اور یوں وہ پبلک، پرائیویٹ سیکٹر کے اشتراک پر عمل کرتے رہے اگرچہ محترم ڈاکٹر مبشر حسن اور شیخ رشید کے فلسفے کے مطابق صنعتیں اور سکول قومی ملکیت میں لے لئے، یہ حقیقت میں قومی ملکیت کی بجائے سٹیٹ کنٹرول ثابت ہوا کہ پیپلز پارٹی کے پاس کوئی ایسا لیڈر نہیں تھا جو اس حوالے سے تربیت یافتہ ہوتا، چنانچہ نتیجہ توقعات کے خلاف ہوا۔ ابتدائی چند ماہ کے بعد قومیائی گئی صنعتوں میں موجود ٹریڈ یونین والے حضرات نے ان کو نجی ملکیت سمجھ لیا پہلے انہوں نے ہاتھ صاف کئے اور پھر ان صنعتوں اور اداروں پر مقرر کئے جانے والے سربراہ بھی مستفید ہوتے رہے۔ اس حوالے سے بابائے سوشلزم کو ایک حد تک کامیابی ہوئی اور ایک بار کچھ زرعی اصلاحات کی گئیں، ان کے تحت فاروق لغاری اور خود بھٹو صاحب کی اراضی بھی لی گئی تاہم مجموعی طور پر لینڈ لارڈ حضرات نے اراضی کی حد متعین رقبے تک لانے کے لئے اپنے ملازمین اور بچوں کے نام پر اراضی تقسیم کر دی اور جس قدر اصلاحات کی زد میں آئی وہ ایسی اراضی دی گئی جو زیادہ تر بنجر تھی اور یوں مطلوبہ کامیابی نہ مل سکی۔ اس کے باوجود کہ اراضی بچا لی گئی۔ پیپلز پارٹی ہی کے مرکزی راہنما جن کو صدر مملکت کا اعزاز بھی حاصل ہوا، وہ فاروق لغاری تھے اور انہوں نے شریعت کے حوالے سے مقدمہ جیت لیا اور اراضی واپس ہو گئی۔ اس کے بعد تو سوشلزم نعرہ ہی رہ گیا ہے۔ محترمہ بے نظیر بھٹو برسر اقتدار آئیں تو انہوں نے کھلم کھلا پبلک پرائیویٹ سیکٹر پر خود بھی عمل کیا، چنانچہ ان کے دور میں بھی نجکاری ہوئی یوں یہ سلسلہ جہاں تھا وہاں رہا، نعرہ البتہ اب بھی لگا لیا جاتا ہے۔

یہ معروضات اس لئے کی ہیں کہ ملک پر معیشت کے حوالے سے جو بلائیں نازل ہو چکی ہیں ان کے ہوتے ہوئے بھی یہ ذاتی تصور اور بھی پختہ ہو گیا مفتاح اسماعیل افسوس کا اظہار کر رہے ہیں کہ غیر منافع بخش صنعتیں اور ادارے نیلام کیوں نہیں کئے جاتے ان کی نجکاری کیوں نہیں ہوتی ان کے علاوہ 22 سے 200 خاندان بننے والے حضرات فرماتے ہیں ملکی معیشت اور حالات کو سنبھالنے کے لئے ہمیں اپنی چمڑی بیچ کر بھی ڈالر کمانا چاہئیں اور برآمدات بڑھانا چاہئیں۔ ان حضرات کے پاس اپنے دلائل ہیں۔ میری عرض یہ ہے کہ جب آپ خود برسر اقتدار اور صاحب اختیار تھے تو یہ کیوں نہیں کر لیا گیا۔ آخر کیوں ہر سیاسی حکومت نے ایسے اداروں کے ساتھ ساتھ پبلک سیکٹر کے اداروں (ریلوے، ایئر لائنز وغیرہ (میں اصلاحات نہ کیں اور کیوں نہ ان کی دیکھ بھال اپنی ملکیت والی فیکٹریوں کی طرح کی اور کیوں سیاسی بنیادوں پر بھرتیاں کرتے چلے گئے اور ان اداروں کو غیر منافع بخش بنا دیا حال ہی میں ریلوے کے ذمہ دار حضرات کی طرف سے یہ سن کر حیرت ہوئی کہ بوگیوں کی مرمت اور نئی بوگیاں بننے میں تاخیر عملے کی کمی کی وجہ سے ہے جبکہ موجود عملے کی تنخواہوں اور پنشن کے لئے رقم نہیں ہے اور فاضل عملے کا رونا رویا جاتا تھا جبکہ بنکوں سے بھی ادھار لیا گیا ہوا ہے اور سود ادا کیا جاتا ہے۔ میں اس امر پر بھی دکھ کا اظہار کرتا ہوں کہ سرکاری اور قومیائے گئے اداروں میں انتظامی کمزوریاں اور بھرتیاں اپنی جگہ کی گئیں۔ لوٹ مار بھی کی گئی لیکن میرے کارکن بھائیوں نے بھی اپنی سی کر کے دکھائی چوری اور کام چوری کی، سینہ زوری سے کام لیا اداروں کا بوجھ کم کرنے میں تعاون نہیں کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ آجر اور اجیر کا رشتہ مفاہمتی نہ بن سکا اور مفادات کی لڑائی بھی ان اداروں کے نقصان کا باعث بنی۔

یہ حقائق ہیں ان پر بڑی تفصیل سے بات کی جا سکتی ہے۔ آج تو مجھے یہ سوال کرنا ہے کہ جو اجارہ دار حضرات چمڑی ایکسپورٹ کر کے بھی برآمدات بڑھانا چاہتے ہیں کیا وہ بتائیں گے کہ عوام کے جسم پر گوشت باقی رہ گیا اور جو فلسفہ وہ پیش کر رہے ہیں کیا اس پر خود عمل کر رہے ہیں یا اب بھی برآمد کے نام پر مراعات مانگتے ہیں اور اب اعلان کر دیا کہ 4 ستمبر تک 35 ارب ریفنڈ کر دے دیئے جائیں گے۔ کیا چینی والی مہنگائی اس کی مثال نہیں کہ فاضل کہہ کر برآمد کی اور اب قلت کہہ کر دو سو روپے فی کلو تک لے گئے اور درآمد بھی کرنا چاہتے ہیں ان سے کوئی پوچھنے والا ہے حضور آپ نے برآمد سے جو کمایا کیا وہ قومی خزانے میں آ گیا تھا؟ یا کچھ حصہ باہر ہی رہ گیا اور اب آپ درآمد کریں گے تو ڈالر کہاں سے لائیں گے جو 305 روپے کو چھو رہا ہے۔ میں نے ابھی تک اشرافیہ کو اللہ سے ڈرتے اور توبہ کرتے نہیں سنا۔ یہ لوگ بھول گئے کہ ان سے پہلے والی امتوں پر نافرمانی ہی کی وجہ سے عذاب نازل ہوئے۔ ہمارے پیارے نبیؐ نے اللہ سے ویسے عذاب نہ لانے اور دینے کی دعا کر کے رعایت لے لی۔ لیکن ہم بحیثیت مسلمان دین محمدی پر عمل کرنے کی بجائے اس کی بھیانک تصویر پیش کر رہے ہیں۔ ہمارے معاشرے کا کیا حال ہے یہ سب کے علم میں ہے اگر ہم مجموعی طور پر آج بھی سچی توبہ کر لیں تو برائیاں اگر ختم نہ بھی ہوں تو اتنی کم ضرور ہو جائیں گی کہ امن کا دور دورہ ہوگا۔ یہی توبہ منافع خوری، ملاوٹ اور ایسے دوسرے جرائم سے روکے گی اور کسی دیوالیہ پن کا خطرہ نہ رہے گا۔ لیکن ہم تو اس خراب صورت حال میں بھی مفاد پرستی کا مظاہرہ کرتے چلے جا رہے ہیں اور خود غرضی سے باز نہیں آتے حتیٰ کہ ملک کو اغیار کے ہاتھوں ذلیل کرانے کے لئے انہی کی مالی اور آلاتی معاونت سے ملک میں افراتفری کا سبب بن رہے ہیں۔

اس وقت ہماری سیاسی جماعتیں پھر سے اقتدار کے سنگھاسن پر رونق افروز ہونے کے لئے الیکشن الیکشن کھیل رہی ہیں ان کے منہ سے اب خراب معاشی حالت کا ذکر نہیں ہوتا کہتے ہیں کہ انتخابات ہی سب بیماریوں کا علاج ہے ان سے سوال ہے کہ کیا حالات حاضرہ میں انتخابات ممکن ہیں اور کیا یہ خود در وتحریک جو بجلی کے بلوں اور مہنگائی کے نام سے شروع ہو گئی دب جائے گی۔

بجلی لے ڈوبے گی

ایک دفعہ بکری کا بچہ ندی سے پانی پی رہا تھا کہ اچانک شیر آ گیا بکری کا بچہ سہم گیا شیر کہنے لگا تمہاری سزا یہ ہے کہ میں تمہیں کھا جاں بکری کے بچے نے گھبرا کر پوچھا۔ عالی جاہ! مجھ سے کوئی گستاخی ہو گئی ہے کیا؟ جواب ملا تم نے ندی کا پانی گندا کر دیا ہے اور مجھے وہ گندا پانی پینا پڑا مینے نے جواب دیا حضور جس طرف آپ پانی پی رہے تھے ندی کا بہاؤ اس طرف سے میری طرف آ رہا تھا تو میرا گندا پانی آپ کی طرف کیسے گیا شیر نے ندی کے بہاؤ کی طرف دیکھا تو اسے احساس ہوا کہ میمنا ٹھیک کہہ رہا ہے جس پر شیر نے جواب دیا تو پھر تمہارے باپ نے یہ پانی گندا کیا ہوگا، لہٰذا تمہیں کھانا ہی تمہاری

سہیل بشیر منج

سزا ہے اور فوراً ہی اس سزا پر عمل درآمد کر دیا گیا۔

ہمارے ساتھ بھی بالکل ایسا ہی ہوا اس بار بجلی کے اضافی بلوں نے ملک کے طول وعرض میں عوام کی چیخیں نکلوا دیں میرے گاں کے بہت سے لوگوں نے اپنے بل دکھائے جو چیخ چیخ کر واپڈا کے ظلم کی داستان سنا رہے تھے کسی کو سو یونٹ کا بل چھ ہزار کسی کو تین سو یونٹ کا بل بیس ہزار اور کسی کو صرف ستر یونٹ کا بل بارہ ہزار بھیج دیا گیا جس پر میں نے واپڈا کے اعلیٰ عہدے داران سے فون پر بات کی بہت سوں نے تو جواب دینا ہی گوارا نہیں کیا اور جنہوں نے جواب دیا وہ کچھ یوں تھا کہ جناب ان بلوں میں فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں یونٹ ڈالے گئے ہیں دو ماہ قبل جون میں استعمال کیے جانے والے یونٹس کو مدنظر رکھتے ہوئے ریڈنگ کے ساتھ شامل کیا گیا ہے۔

یہ کسی ایک گاں شہر ضلع کا مسئلہ نہیں بلکہ سارے پاکستان کے ساتھ یکساں ظلم کا برتا کیا گیا ہے یعنی مہینے کو کھانے کے تمام فتوے لگا دیے گئے مہنگائی اور بے روزگاری سے ستائے عوام پر جب اربوں روپے کا اضافی بوجھ منتقل کیا گیا تو شہر شہر احتجاج شروع ہو گئے اور ایسے شروع ہوئے کہ ایک ملک گیر تحریک میں تبدیل ہو گئے جس میں تمام سیاسی جماعتیں بھی کود پڑیں یہاں تک تو ٹھیک ہے اپنے حق کے لیے احتجاج ضرور کریں لیکن ڈر یہ کہ واپڈا کے ستم سے تنگ آ کر یہ احتجاج کہیں خانہ جنگی میں تبدیل نہ ہو جائے۔

خیر سلام پیش کرنا چاہوں گا جناب وزیراعظم کو جنہوں نے عوام کا احساس کرتے ہوئے فوری طور پر میٹنگ بلائی اور اس میں گریڈ 17 سے 22 تک کے ملازمین کے فری یونٹس پر پابندی لگانے اور انہیں تنخواہوں میں بجلی کی ایڈجسٹمنٹ دینے کی تجویز دی، تو کیا یہ فیصلہ عوام کو ریلیف دینے کے لیے کافی ہوگا میرے خیال میں نہیں، کیونکہ اس وقت وزارت بجلی کے اعداد وشمار کے مطابق تقریباً 39 کروڑ یونٹس فری دیے جا رہے ہیں آج کے حساب سے جن کی قیمت 20 ارب روپے بنتی ہے جن میں سے افسر آٹھ کروڑ جبکہ ملازمین کے زیر استعمال بجلی 31 کروڑ یونٹس ہیں اس لیے میرا خیال ہے کہ 25 فیصد فائدہ حاصل کر کے عوام کو اتنا ریلیف نہیں دیا جا سکے گا جس کے وہ حقدار ہیں اس لیے میری وزیراعظم سے گزارش ہے کہ واپڈا کی ڈکشنری سے جب تک فری یونٹس کا صفحہ ڈیلیٹ نہیں کر دیا جاتا تب تک مطلوبہ نتائج حاصل نہیں کیے جا سکتے۔

بات سیدھی سی ہے کہ اگر ایک سکول ٹیچر، چوکیدار، دھوبی، نائی، موچی، کنڈکٹر، ڈرائیور، مالی، الیکٹریشن، پلمبر، مستری، مزدور اور اس کے ساتھ کے تمام عوام بجلی کا بل ادا کرنے کے پابند ہیں تو پھر جج، جرنیل، بیوروکریٹ اور مراعات یافتہ طبقے کو بجلی مفت کیوں فراہم کی جا رہی ہے اس پر عوام کا سوال پوچھنا تو بنتا ہے ویسے بھی عوام کی طرف سے تیار کردہ سوال نامہ بالکل جائز ہے جس میں انہوں نے نو سوال پوچھے ہیں جب بجلی کی قیمت ادا کر دی گئی تو اس پر کون سا ٹیکس، فیول ایڈجسٹمنٹ کیوں، ڈیوٹی کس بات کی، فیول پرائس کیوں، یونٹس کی تعداد بڑھنے پر قیمت کا فرق کیوں، پی ٹی وی فیس کیوں، ودہولڈنگ ٹیکس کیوں، میٹر جو کہ ہماری اپنی ملکیت ہے اس کا کرایہ کیوں، انکم ٹیکس کیسا، یہ تو ہم خرچ کر رہے ہیں میرے خیال میں ان سوالوں کے جواب تو پالیسی میکرز کے پاس بھی نہیں ہوں گے کیونکہ ان کے دل میں جو لفظ آ جائے اسی نام کا ٹیکس شامل کر دیتے ہیں جہاں افسران بالا اور مراعات یافتہ طبقہ کے یونٹس بند کیے جائیں وہیں پر بجلی چوری پر بھی قدغن لگائی جائے اور واپڈا اپنے ملازمین کی تلاشی بھی لے کہ ایک عام سا لائن مین کروڑ پتی کیسے بن گیا۔

اب سوال یہ ہے کہ آخر نجات کا راستہ کیا ہے اگر آپ کے پاس وقت ہو تو 24 جون 2022 کو روزنامہ پاکستان میں شائع ہونے والا میرا کالم) سولر لازم ہو چکا ہے (کا مطالعہ فرمالیں اس میں میں نے حکومت وقت سے گزارش کی تھی کہ گھریلو صارفین، دفاتر، عدالتوں، سکول کالجز اور جتنے بھی ادارے دن کے اوقات میں کام کرتے ہیں انہیں تیزی سے شمسی توانائی پر منتقل کرنے کی ترتیب بنائیں گھریلو صارفین کو انتہائی آسان اقساط پر سولر سسٹم دیں تاکہ ایک دفعہ پیسے خرچ کر کے فیول امپورٹ کی مد میں خرچ کی جانے والی رقوم میں خاطر خواہ کمی لائی جا سکے اس وقت کے وزیراعظم میاں شہباز شریف نے اعلان بھی کیا تھا کہ ہم وزیراعظم ہاؤس سمیت تمام سرکاری عمارتوں کو سولر پر منتقل کر دیں گے لیکن پھر اس پروجیکٹ کو لفافہ صحافیوں، یوٹیوبرز کے ایک گروہ اور پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا ایکٹیوسٹ نے برباد کر دیا اور الزام لگایا کہ وزیراعظم کے بیٹے چونکہ سولر امپورٹ میں شامل ہیں اس لیے کسی طور پر بھی یہ پروجیکٹ ملکی مفاد میں نہیں ان کی ان حرکات کی وجہ سے یہ پروجیکٹ بھی برباد ہو گیا۔ نگران وزیراعظم چاہ کر بھی بجلی سستی نہیں کر سکتے اس کی وجہ پاکستانی کرنسی کی تباہی اور عالمی مارکیٹ میں فیول کی بڑھتی ہوئی قیمتیں، اور آئی ایم ایف سے کیا جانے والا معاہدہ ہے ہاں اگر نئی الفور اشرافیہ پر نوازشات بند کر دی جائیں اور 300 یونٹ کے صارفین کو ٹیکس میں چھوٹ دے دی جائے تو وقتی طور پر اس طوفان کو روکا جا سکتا ہے بجلی کے بل اس بار عوام کی برداشت سے باہر ہو گئے ہیں اب میں یہ نہیں جانتا کہ یہ پالیسی بنائی کس نے ہے، لیکن یہ جانتا ہوں کہ اس کا انجام ان کو بھگتنا پڑے گا جن کا قصور نہیں بہر حال عوام کو اس مشکل سے نکالنے کے لیے کوئی نہ کوئی تدبیر ضرور تلاش کریں۔ مطلوبہ نتائج حاصل نہیں کیے جا سکتے۔

بات سیدھی سی ہے کہ اگر ایک سکول ٹیچر، چوکیدار، دھوبی، نائی، موچی، کنڈکٹر، ڈرائیور، مالی، الیکٹریشن، پلمبر، مستری، مزدور اور اس کے ساتھ کے تمام عوام بجلی کا بل ادا کرنے کے پابند ہیں تو پھر جج، جرنیل، بیوروکریٹ اور مراعات یافتہ طبقے کو بجلی مفت کیوں فراہم کی جا رہی ہے اس پر عوام کا سوال پوچھنا تو بنتا ہے ویسے بھی عوام کی طرف سے تیار کردہ سوال نامہ بالکل جائز ہے جس میں انہوں نے نو سوال پوچھے ہیں جب بجلی کی قیمت ادا کر دی گئی تو اس پر کون سا ٹیکس، فیول ایڈجسٹمنٹ کیوں، ڈیوٹی کس بات کی، فیول پرائس کیوں، یونٹس کی تعداد بڑھنے پر قیمت کا فرق کیوں، پی ٹی وی فیس کیوں، ودہولڈنگ ٹیکس کیوں، میٹر جو کہ ہماری اپنی ملکیت ہے اس کا کرایہ کیوں، انکم ٹیکس کیسا، یہ تو ہم خرچ کر رہے ہیں میرے خیال میں ان سوالوں کے جواب تو پالیسی میکرز کے پاس بھی نہیں ہوں گے۔

نوجوان نسل کے پرسکون ذہن کا ملکی ترقی میں کردار

نوجوان کسی قوم کا سرمایہ ہوتے ہیں۔ ملک وقوم کی ترقی وہاں کی نوجوان نسل پر منحصر ہے۔ کہا جاتا ہے کہ جس ملک میں نوجوانوں کی تعداد زیادہ ہوگی، وہ ملک ترقی کی منازل اتنی تیزی سے طے کرے گا۔ لیکن نوجوان ملک کی تعمیر وترقی کے

لائبہ شفیق لاہور

لیے اس وقت تک تعمیری کردار ادا نہیں کر سکتے جب تک وہ ذہنی طور پر پرسکون نہ ہوں۔ ایک منتشر ذہن کبھی بھی اپنی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال نہیں کر سکتا۔

اگرچہ ملک کی باگ دوڑ نوجوانوں کے ہاتھ میں ہے لیکن ملکی حالات میں ٹھہرا نوجوانوں کے پرسکون انداز میں آگے بڑھنے کی صلاحیت کو ابھارتا ہے۔ ملک میں سیاسی، سماجی اور معاشی انتشار نوجوانوں کی صلاحیتوں کو مفلوج کر دیتا ہے۔ اس کے برعکس ملکی حالات میں ٹھہرا نوجوانوں کو بہتر انداز میں آگے بڑھنے پر تیار کرتا ہے۔

سیاسی، سماجی اور معاشی استحکام کی صورت میں سرمایہ کار نوجوان بلا جھجک سرمایہ کاری کرتا ہے، جو ملکی ترقی میں معاون ثابت ہوتی ہے۔ اسی طرح بیرون ملک مقیم لوگ بھی اپنا سرمایہ وطن بھیجتے ہیں۔ یہ سب چیزیں ملک کی ترقی کے لیے ناگزیر ہیں۔

نوجوانوں کے ذہنی سکون اور قوتوں کے مثبت استعمال کے لیے ضروری ہے کہ ان کو صحیح سمت کا تعین ہو۔ کیا غلط ہے اور کیا درست، یہ جاننا ان کے لیے از حد ضروری ہے۔ ہمارے نوجوانوں کی ایک کثیر تعداد اسی الجھن میں اپنی زندگی کا ایک بڑا حصہ گزار دیتی ہے کہ اس کی دلچسپی کا میدان کیا ہے اور اسے اپنی کس صلاحیت کو آزمانا ہے۔ اگر نوجوان اپنی صلاحیتوں کو پہچان لیں تو ملک ہر میدان میں آگے بڑھتا ہے اور ان کا مستقبل بھی تابناک ہوتا ہے۔ ملک کی ترقی میں وہی شخص معاون ثابت ہو سکتا ہے جو معاشی طور پر مضبوط ہو۔ معاشی خودمختاری انسان کو اپنے اردگرد کے بارے میں سوچنے پر اکساتی ہے اور وہ مطمئن انداز میں تعمیری قدم اٹھاتا ہے۔

ایک پرسکون شخص اپنا کام محنت اور ایمانداری سے کرتا ہے۔ اپنے کام کو دلجمعی سے کرنا ملک کی ترقی کی جانب پہلا قدم ہے۔ اسی طرح ایک مطمئن شخص اپنے ملک میں رہنے کو ترجیح دے گا اور اگر وہ وطن میں رہتے ہوئے اپنے معاشی وسائل کو بڑھانے کی کوشش کرتا ہے تو ملک معاشی طور پر مضبوط ہوتا ہے۔

SHOWBIZ شوبز

مایا علی کی زرد وسبز لباس میں قاتلانہ ادائیں مداحوں کو بھا گئیں، تعریف پر مجبور

اداکارہ مایا علی نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنی چند تصویر جاری کی ہیں

لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی معروف اداکارہ مایا علی کا مشرقی ومغربی اور حسین امتزاج والا سبز و زرد لباس زیب تن کرنا ان کی خوبصورتی کو چار چاند لگا گیا۔ پاکستانی مقبول ترین ڈرامہ من مائل میں منائل جاوید عرف منو کے کردار میں جان ڈالنے والی اداکارہ مایا علی نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنی چند تصویر جاری کی ہیں جن میں وہ بے حد خوبصورت امیرلڈ گرین ڈھاکہ پجامہ اور گول دامن کی چھوٹی شرٹ پہنی نظر آ رہی ہیں۔ مذکورہ تصاویر میں اداکارہ ایک ایسے دلکش لباس میں ملبوس ہیں۔

نور بخاری نے ماہرہ خان کو ذہنی دباسے چھٹکارے کا طریقہ بتا دیا

کمنٹ کرتے ہوئے لکھا کہ اپنے رب کی طرف لوٹ جائیں، نور بخاری

انسان کو اپنے رب کے بلاوے کو قبول کرنا چاہیے اور اپنا راستہ تبدیل کر لینا چاہیے

لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی سابقہ اداکارہ نور بخاری نے سپر سٹار ماہرہ خان کو ذہنی دباسے چھٹکارا پانے کا طریقہ بتا دیا۔ گزشتہ دنوں ماہرہ خان کا ایک ویڈیو کلپ وائرل ہوا جس میں اداکارہ کا کہنا تھا کہ فلم ریس کی ریلیز کے بعد ان پر پاکستان اور بھارت دونوں اطراف کے عوام کا پریشر تھا جس کے باعث وہ ذہنی دبا کا شکار ہو گئیں، 6 سال سے وہ ذہنی دباسے چھٹکارے کی ادویات لے رہی ہیں۔ ماہرہ کے مذکورہ انٹرویو کے ویڈیو کلپ پر نور بخاری نے کمنٹ کرتے ہوئے لکھا کہ اپنے رب کی طرف لوٹ جائیں، جب انسان اللہ سے دور ہو جاتا ہے تو اس کی کیفیت ایسی ہی ہو جاتی ہے۔ نور بخاری کا مزید کہنا تھا کہ اس وقت انسان کو اپنے رب کے بلاوے کو قبول کرنا چاہیے اور اپنا راستہ تبدیل کر لینا چاہیے، اللہ آپ کی تکلیف میں کمی کرے۔ پاکستانی شوبز انڈسٹری کی سابقہ اداکارہ نور بخاری نے سپر سٹار ماہرہ خان کو ذہنی دباسے چھٹکارا پانے کا طریقہ بتا دیا۔ گزشتہ دنوں ماہرہ خان کا ایک ویڈیو کلپ وائرل ہوا جس میں اداکارہ کا کہنا تھا کہ فلم ریس کی ریلیز کے بعد ان پر پاکستان اور بھارت دونوں اطراف کے عوام کا پریشر تھا۔

آئٹم سانگ میں شامل رقص کو عریانیت سے جوڑنا غلط ہے: عائشہ عمر

ہمارے ہاں فلم میں آئٹم سانگ کا ہمیشہ غلط مطلب لیا جاتا ہے، خوبرو ماڈل وادا کارہ

لاہور (شوبز نیوشنز) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی خوبرو ماڈل وادا کارہ عائشہ عمر نے کہا ہے کہ ہمارے ہاں فلم میں آئٹم سانگ کا ہمیشہ غلط مطلب لیا جاتا ہے۔ نجی ٹی وی کے ڈرامہ "بلبلے" سے شہرت کی بلندیوں کو چھونے اور لاتعداد ڈراموں وفلموں میں اداکاری کے جوہر دکھانے والی اداکارہ عائشہ عمر نجی ٹی وی شو میں شریک ہوئیں جہاں انہوں نے پاکستانی فلموں میں آئٹم سانگ کے حوالے سے اپنے خیالات بیان کیے۔ اداکارہ عائشہ عمر نے کہا کہ ہمارے لوگ اپنی فلموں میں آئٹم سانگ کو تنقید جبکہ انڈین فلموں کے آئٹم سونگ کو خوب پسند کرتے ہیں۔

اداکار جاوید شیخ بھی بجلی بلوں میں اضافے پر تشویش کا شکار

میں حیران ہوتا ہوں کہ متوسط طبقہ اس تنخواہ میں کیسے گزارا کرتے ہوں گے، اداکار

لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی فلم و ڈرامہ انڈسٹری کے نامور اداکار جاوید شیخ بھی بجلی کے بلوں میں ہوشربا اضافے پر پریشانی کا شکار ہو گئے۔ اداکار جاوید شیخ نے نجی ٹی وی شو کے مارننگ شو میں بجلی کے بلوں میں اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بجلی کے بلوں میں بے تحاشا اضافے نے سب کو پریشان کر کے رکھ دیا ہے، نگران حکومت کی بات کوئی

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 02 اور 03 ستمبر 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 02 ستمبر 2023، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل، بجیالی، چاکرہ فیڈرز، صبح 06:00 بجے تا دن 11:00 بجے تک، شاہ پور، عسکری سیون، سرسید روڈ، آدم جی روڈ، ایف ایف سی، وی آئی پی فیڈرز، صبح 08:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک 450MVA آٹوٹرانسفارمر بینک ٹی-3 پر ضرورت کے تحت 100 سے 150 میگاواٹ کی لوڈ مینجمنٹ کی جاسکتی ہے۔ مورخہ 03 ستمبر 2023، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک راولپنڈی کینٹ سرکل، مورگاہ، پنڈی بورڈ، عسکری سیون، سرسید روڈ، آدم جی روڈ، ایف ایف سی، وی آئی پی فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، امیر حمزہ، سیکٹر۔ فور، لکھوروڈ، آفیسر کالونی، ایچ پی ٹی (ریڈیو پاک) فیڈرز، صبح 08:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک 750MVA آٹوٹرانسفارمر بینک ٹی-4 پر ضرورت کے تحت 100 سے 150 میگاواٹ کی لوڈ مینجمنٹ کی جاسکتی ہے۔ صبح 06:00 بجے تا دن 10:00 بجے تک دھڑنکہ، سکھو، کوٹ شیرا، سیکسر، ڈی ایس بلاول، کوٹ گلہ، لاوا، ڈھوک غزن، دھرنال، پنجند فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق پرامن حل کے لئے اپنا کردار ادا کریں۔ انڈر سیکریٹری جنرل ڈیپارٹمنٹ آف پیس آپریشنز نے کہا کہ کانفرنس کی میزبانی اور عالمی امن کے لیے قابل قدر کردار ادا کرنے پر پاکستان کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی نے کہا کہ امن کوششوں کے لئے پاکستان کی چھ دہائیوں پر محیط دیرینہ وابستگی عالمی امن وسلامتی کے لئے پاکستان کے کردار کا واضح مظہر ہے۔ وزیر خارجہ نے قیام امن کے عظیم مقصد میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے 171 پاکستانیوں سمیت تمام بہادر جوانوں اور خواتین کو خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیر خارجہ نے پوری دنیا میں امن کیلئے اپنی خدمات انجام دینے والے اقوام متحدہ کے امن دستوں کے لئے محفوظ ماحول کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 2

پرویز الٰہی کو گرفتار کر کے اسلام آباد روانہ ہوگئی۔ سابق وزیراعلیٰ پنجاب کی اسلام آباد منتقلی خصوصی ہیلی کاپٹر کے ذریعے کی جارہی ہے، چودھری پرویز الٰہی کو اڈیالہ جیل میں 3 ایم پی او کے تحت بند کیا جائے گا۔ وکلا کا توہین عدالت اور حبس بے جا کی درخواست دائر کرنے کا فیصلہ چودھری پرویز الٰہی کی گرفتاری کے بعد وکلا کی بڑی تعداد لاہور ہائیکورٹ پہنچ گئی، سابق وزیراعلیٰ کے وکلا جسٹس امجد رفیق کی عدالت میں جمع ہوگئے، وکلا توہین عدالت اور حبس بے جا کی درخواست دائر کریں گے۔ قبل ازیں لاہور ہائیکورٹ میں سابق وزیراعلیٰ پنجاب کی نیب گرفتاری کیخلاف درخواست پر سماعت ہوئی، دوران سماعت عدالت نے نیب کو چودھری پرویز الٰہی کو ایک گھنٹے میں پیش کرنے کا حکم دیا۔ سماعت کے دوران لاہور ہائیکورٹ نے چودھری پرویز الٰہی کو رہا کرنے اور مزید کسی بھی کیس میں گرفتار نہ کرنے کا حکم دیا۔ پرویز الٰہی کی دوبارہ گرفتاری کیلئے نیب اور پولیس اہلکاروں کی ہاتھا پائی سابق وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کی دوبارہ گرفتاری کے معاملے پر نیب اور پولیس اہلکار گتھم گتھا ہوگئے۔ لاہور ہائیکورٹ کی جانب سے چودھری پرویز الٰہی کی رہائی کا حکم ملنے کے بعد نیب نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب کو دوبارہ گرفتار کرنے سے انکار کر دیا جبکہ پولیس افسران پرویز الٰہی کی دوبارہ گرفتاری کیلئے نیب ٹیم کی منت ساجت کرتے رہے۔ اس موقع پر نیب کی جانب سے انکار پر پولیس اور نیب کے اہلکار آپس میں الجھ پڑے، نیب آفیسر کا کہنا تھا کہ پولیس کی وجہ سے گالیاں ہم نہیں سن سکتے۔ بعدازاں نیب آفیسر کی ہدایت پر نیب ٹیم کے افسران واہلکار لاہور ہائیکورٹ سے روانہ ہوگئے

بقیہ 3

) سموگ رولز 2023 کے تحت آلودگی پھیلانے والی (دھواں چھوڑنے والی) گاڑیوں اور غیر معیاری ایندھن کے استعمال پر پابندی عائد کر دی ہے۔ سیکرٹری ٹرانسپورٹ کا کہنا تھا کہ اس قانون کے تحت پنجاب میں متعدد گاڑیوں کیخلاف کارروائی کی گئی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ تفصیلات کے مطابق پنجاب بھر میں 884 گاڑیوں کو چیک کیا گیا جبکہ 17 گاڑیوں کو وارننگ جاری کی گئیں، 23 کو بند کیا گیا، 272 کا خلاف ورزی پر چلان کیا گیا اور 251،000 لاکھ روپے جرمانہ کیا گیا

بقیہ 4

دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے قومی عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کوششیں جاری رہیں گی، انہوں نے شہداء کو وطن کی خاطر جان کا نذرانہ پیش کرنے پر خراج عقیدت پیش کیا۔ صدر مملکت نے شہدا کے درجات کی بلندی اور لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے ان کے صبر کیلئے بھی دعا کی۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز ضلع بنوں کے علاقہ جانی خیل میں فوجی قافلے پر خودکش حملہ کے نتیجے میں 9 سپاہی شہید جبکہ 5 سکیورٹی اہلکار زخمی ہوگئے تھے

بقیہ 5

کی کارکردگی کا خود جائزہ لوں گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایران کے ساتھ بارڈر مارکیٹس کو مزید فعال کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ اس اقدام سے تجارت باقاعدہ دستاویزی عمل سے ممکن ہوسکے گی۔

بقیہ 6

کی درخواست ضمانت پر عدالت نے 2 ستمبر کو دلائل طلب کر لیے جبکہ 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ منظور کر لیا۔ کیس میں جسمانی ریمانڈ مکمل ہونے پر ایمان مزاری کو انسداد دہشت گردی کی عدالت میں جج ابوالحسنات ذوالقرنین کے روبرو پیش کیا گیا، عدالت نے ایمان مزاری کی درخواست ضمانت پر پیر کے لیے نوٹس جاری کیے، تاہم وکلا کی استدعا پر ہفتے کو دلائل طلب کر لیے۔

بقیہ 7

8344 ارب روپے ہڑپ کر گئے ہیں۔ وفاقی حکومت بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کے ملازمین کو فری یونٹس کی فراہمی کے معاملے پر بھی تاحال کوئی فیصلہ نہیں کر سکی۔ وزارت آبی وسائل فری یونٹس کے خاتمے کی مخالفت کر رہی ہے۔ وزارت کا کہنا ہے کہ فری یونٹس ختم کرنے سے کوئی بچت نہیں ہوگی، نیپرا اتھارٹی نے مفت یونٹس کی بجائے ملازمین کو یوٹیلیٹی الاؤنس دینے کی تجویز دی ہے۔ ذرائع کے مطابق پاور ڈویژن نے تجویز دی ہے کہ ملازمین کو ماہانہ تنخواہ میں فری یونٹس کے برابر رقم دی جائے۔

بقیہ 8

کی زندگی اہم ہے، معلوم نہیں سابق وزیراعظم کو اٹک جیل سے باہر لانے پر کوئی حادثہ پیش آ جائے۔ عدالتی فیصلے میں مزید کہا گیا ہے کہ غیر معمولی صورت حال کو مد نظر رکھتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی کا جسمانی ریمانڈ منظور نہیں کیا جاسکتا اسی لیے حاضری سے بھی استثنیٰ دیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز خصوصی عدالت کے جج نے چیئرمین پی ٹی آئی کو بیٹوں سے فون پر بات کرنے کی بھی اجازت دے دی تھی۔

بقیہ 9

۔ اس صورتحال میں پاکستان ریلوے بھی پیچھے نہ رہی اور کرایوں میں 5 فیصد اضافہ کر دیا تمام میل ایکسپریس، پسنجر اور انٹرسٹی ٹرینوں کے کرائے بڑھائے گئے ہیں، ریلوے انتظامیہ نے پارسل اور لگیج ریٹ میں بھی 5 فیصد اضافہ کر دیا۔ ریلوے انتظامیہ نے کرایوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا، ٹرینوں کے کرایوں میں اضافے کا اطلاق 2 ستمبر سے ہوگا۔ 16 روز میں ریلوے کے کرائے میں دوسری بار اضافہ کیا گیا ہے، ریلوے انتظامیہ نے 16 اگست کو بھی مسافر ٹرینوں کے کرایوں میں 10 فیصد اضافہ کیا تھا۔ دوسری جانب پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے کے بعد ٹرانسپورٹ کرایوں میں مزید اضافے کا امکان ہے۔ آل پاکستان ٹرانسپورٹ اونرز فیڈریشن کے ترجمان ایچ ایم جہانگیر کا کہنا ہے کہ ڈیزل کی قیمت میں اضافے کے تناسب سے کرایوں میں اضافے پر مجبور ہیں، دو چار روز میں بسیں کھڑی کرنے کا اعلان کر دیں گے۔ 50 فیصد بسیں پہلے ہی کھڑی کر چکے ہیں۔ یہاں یہ بھی واضح رہے کہ ملکی تاریخ میں پہلی مرتبہ پٹرول کی قیمت کی ٹرپل سنچری مکمل ہوگئی، ملک میں تاریخی مہنگائی اور ناقابل برداشت بھاری بھرکم بجلی کے بلوں سے پریشان عوام پر مہنگائی کا ایک اور بم گرا دیا گیا۔ وفاقی حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑے اضافے کا اعلان کر دیا۔ وزارت خزانہ کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات مہنگی کرنے کا باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کیا گیا جس کے مطابق پٹرول کی فی لیٹر قیمت میں 14 روپے 91 پیسے جبکہ ڈیزل کی فی لیٹر قیمت میں 18 روپے 44 پیسے کا اضافہ کیا گیا۔ پٹرول کی نئی قیمت 305 روپے 36 پیسے جبکہ ڈیزل کی نئی قیمت 311 روپے 84 پیسے ہوگئی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اطلاق یکم ستمبر سے 15 ستمبر تک کے عرصے کیلئے کیا گیا۔

بقیہ 10

پر پرویز الٰہی کو پیش کیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے پرویز الٰہی کو رہا کرنے کا حکم دیتے ہوئے کسی بھی مقدمے میں گرفتار کرنے سے روک دیا، لاہور ہائیکورٹ نے سابق وزیراعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی کی درخواست کا تحریری حکم جاری کر دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس امجد رفیق نے 2 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا، عدالت نے پرویز الٰہی کو نیب اور کسی بھی اتھارٹی کی جانب سے گرفتار کرنے سے روک دیا۔ عدالت نے تحریری حکم میں کہا ہے کہ کوئی اتھارٹی، ایجنسی اور آفس درخواست گزار کو گرفتار نہ کرے۔ عدالت نے پرویز الٰہی کو نظر بندی قانون کے تحت نظر بند نہ کرنے کا بھی حکم دیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے تحریری حکم میں چوہدری پرویز الٰہی کو فوری رہا کرنے کا حکم دیا۔ عدالت نے نیب کو آئندہ سماعت پر تفصیلی رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت کر دی۔ عدالت نے سماعت 21 ستمبر تک ملتوی کر دی۔ دوسری جانب نیب نے پرویز الٰہی کے رہائی کے حکم کے بعد دوبارہ گرفتار کرنے سے انکار کر دیا۔ پولیس اہلکار نیب اہلکاروں کے پرویز الٰہی کو گرفتار کرنے کیلئے منت ساجت کرتے رہے۔ نیب آفیسر نے پولیس افسران اور اہلکاروں کی بات ماننے سے انکار کر دیا۔ اس دوران پولیس اور نیب اہلکاروں کے مابین ہاتھا پائی ہوگئی۔ بعدازاں نیب کی گاڑی چلی گئی۔ جس کے بعد اینٹی کرپشن کی ٹیم پرویز الٰہی کو گرفتار کرنے پہنچ گئی، ڈی آئی جی آپریشنز، ایس ایس پی آپریشنز پولیس کی بھاری نفری کے ساتھ موجود ہیں۔ ذرائع کے مطابق دونوں افسران کو جسٹس امجد رفیق نے چیمبر میں طلب کیا ہے۔

بقیہ 11

سپیشلسٹ، ٹوبیکو کنٹرول سیل، محکمہ ویٹ اینڈ میٹر کیجہ راہ منڈیاں، کالج روڈ، میر پور، ماسجہ روڈ، قلندر آباد بازار میں جنرل سٹورز، دودھ دہی، نان بائی، فروٹ، سبزی، گوشت اور دیگر مارکیٹ کا معائنہ کیا جس کیدوران دودھ میں ملاوٹ اور ریٹ لسٹ کیمطابق اشیاء کی فروخت کا جائزہ لیا اور ریکارڈ چیک کیا جبکہ خلاف ورزی پر دودکانیں سیل، چار افراد کو مراسلہ جات، ایف آئی آر اور بھاری جرمانے عائد کیے۔

بقیہ 12

کے تحت عدالت ایسے قوانین کو کالعدم قرار دے سکتی ہے، انور مجید نے ایمنسٹی اسکیم سے فائدہ اٹھا کر کالا دھن سفید کیا۔ چیف جسٹس نے دورانِ سماعت ریمارکس دیئے کہ کاروباری افراد کو ایسا فائدہ ملنا قابل قبول ہے لیکن عوامی عہدیداروں کو نہیں، کاروباری شخصیت اگر رشوت دے تو الگ بات ہے۔ ماضی میں نیب قانون کا عوامی نمائندوں کیخلاف غلط استعمال ہوتا رہا، کچھ ترامیم سے نیب قانون کا غلط استعمال روکنے میں مدد ملے گی۔ چیف جسٹس نے قرار دیا کہ صدارتی معافی کی طرح نیب سے معافیاں دی جارہی ہیں، بدنیت لوگوں کے ہاتھوں میں اتھارٹی دی جاتی رہی۔ دغدار پیسے کا تحفظ کر کے سسٹم میں بہت سے لوگوں کو بچایا جاتا ہے، ریاست کی ذمہ داری ہے منصفانہ اور فیئر محاسبہ قائم کرے۔ چیف جسٹس پاکستان نے مزید ریمارکس دیئے کہ ہم سمجھتے ہیں کہ نیب ترامیم سے بہت سے بنیادی حقوق متاثر ہورہے ہیں۔ جبکہ جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیئے کہ عوام کو نیب ترامیم پر اعتراض ہوگا تو انتخابات میں نئے لوگوں کو منتخب کریں گے، انتخابات قریب ہیں لوگوں کو فیصلہ کرنے دیں۔ بعد ازاں سپریم کورٹ نے درخواست گزار کے وکیل خواجہ حارث کو تحریری دلائل جمع کرانے کا حکم دے دیا اور اٹارنی جنرل سے بھی دلائل طلب کر لئے۔ عدالت نے نیب ترامیم کیس کی سماعت 5 ستمبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 13

ہوا جس میں عام انتخابات کا شیڈول اور حلقہ بندیوں سے متعلق امور زیر غور آئے۔ اس حوالے سے الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ الیکشن کمیشن نے سیاسی جماعتوں کی مشاورت اور فیڈ بیک کے بعد حلقہ بندیوں کے دورانیے کو کم کر دیا ہے۔ الیکشن کمیشن کا کہنا ہے کہ اب حلقہ بندیوں کی اشاعت 30 نومبر کو ہوگی، حلقہ بندیوں کے دورانیے کو کم کرنیکا مقصد جلد الیکشن ممکن بنانا ہے، حلقہ بندیوں کی تاریخ کو مدنظر رکھتے ہوئے الیکشن شیڈول کا اعلان بھی کر دیا جائیگا۔ چیف الیکشن کمشنر کا کہنا تھا کہ الیکشن کمیشن حلقہ بندیوں کیکام کی شفافیت کو یقینی بنائے گا، واضح رہے کہ اس سے قبل الیکشن کمیشن نے حلقہ بندیوں کا دورانیہ 14 دسمبر رکھا تھا۔

بقیہ 14

ہوتا جارہا ہے اور ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی بے قدری کا سلسلہ جاری ہے۔ آج بھی اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت میں اضافہ ہوا۔ اوپن مارکیٹ میں ڈالر 4 روپے مہنگا ہونے کے بعد 330 روپے کی سطح پر پہنچ گیا۔ جبکہ انٹر بینک میں ڈالر کی قیمت کچھ پیسے کم ہونے کے بعد 305 روپے 50 پیسے ہوگئی ہے۔ یاد رہے کہ مئی کے بعد پاکستانی روپے کی قدر سری لنکن روپے سے بھی کم ہوگئی۔ ڈالر 320 سری لنکن روپے اور 324 پاکستانی روپے کے برابر ہوگیا۔ مئی میں ایک ڈالر 305 پاکستانی روپے اور 304 سری لنکن روپے کے برابر تھا۔ تین ماہ کے دوران جنوبی ایشیا کی بدترین کرنسی بن گئی۔ تین ماہ میں بھارتی روپے 25 پیسے بہتر ہوا اور 82.75 روپے کے برابر ہوگیا۔ انٹر بینک میں ڈالر ایک روپے 9 پیسے مہنگا ہوکر 305 روپے سے زائد کا ہوگیا۔ ڈالر کے مقابلے میں افغان کرنسی میں بہتری آئی اور ایک ڈالر 81 افغانی کے برابر ہوگیا۔ اگست میں ڈالر 18 روپے 90 پیسے مہنگا ہوا۔ جبکہ گزشتہ روز انٹر بینک میں ڈالر کی قیمت تقریباً 305 روپے رہی، اوپن مارکیٹ میں ڈالر ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا۔ اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت تقریباً 325 روپے ہوگئی تھی۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق کاروباری ہفتے کے تیسرے روز انٹر بینک میں ڈالر کی قیمت میں 1 روپے 4 پیسے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا، بدھ کے روز انٹر بینک میں ڈالر کی قیمت 303.05 روپے سے بڑھ کر 304.45 روپے کی سطح پر پہنچ گئی تھی

بقیہ 15

سمیت 5 افراد کو کچلنے والی ڈبل کیبن گاڑی کے گرفتار ڈرائیور معاویہ نے اپنے ویڈیو بیان میں بتایا کہ وہ 27 اگست کو شام ساڑھے 6 بجے کے قریب گھر سے کالی ڈبل کیبن گاڑی لے کر نکلا تھا اور گلشن اقبال اقرا یونیورسٹی کے قریب پوٹران سے اپنی گاڑی موڑی ہے۔ اس موقع پر گاڑی کا اسٹیئرنگ وائر پھنس گیا، اور گاڑی بے قابو ہو گئی۔ ڈرائیور کے مطابق گاڑی قابو سے باہر ہونے پر سڑک کنارے کھڑے بچوں سمیت کئی افراد پر چڑھ گئی۔ اس دوران رکشے سے بھی ٹکر ہوئی۔ حادثے کے بعد موقع پر موجود مشتعل شہریوں نے اس پر پتھراؤ ؟ شروع کر دیا تھا، جس پر میں گھبرا گیا اور میں وہاں سے بھاگ نکلا۔ حادثے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی، جس سے زخمی ہونے والوں کا علم ہوا۔ گرفتار ڈرائیور نے بتایا کہ اس کے والد حادثے میں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کے لیے اسپتال گئے ہوئے ہیں اور ان کا جتنا بھی نقصان ہوا ہے، اس کے علاوہ علاج معالجے کے لیے جو بھی اخراجات ہوئے وہ والد ادا کریں گے۔ پولیس کے مطابق گرفتار ڈرائیور کے ساتھ اس کے 2 دوست بھی موجود تھے اور ڈرائیور کے پاس اس کا کمپیوٹرائزڈ ڈرائیونگ لائسنس بھی موجود ہے۔ گرفتار ڈرائیور کو ہفتے کے روز عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ زخمی افراد کے ساتھ جو بھی معاملات طے ہوتے ہیں، اس حوالے سے عدالت فیصلہ کرے گی۔ گرفتار ڈرائیور کے خلاف درج مقدمے میں تیز رفتار ڈرائیونگ اور اس دوران شہریوں کو زخمی کرنے کی 2 دفعات شامل کی گئی ہیں، جس کے تحت ڈرائیور کو 7 سال قید کی سزا بھی ہوسکتی ہے۔

بقیہ 16

جعلی ہے۔ ایف بی آر نے جاری اعلامئے میں کہا ہے کہ ایف بی آر نے ایف آئی اے کو پی آئی اے آفیشلز کے خلاف کوئی خط نہیں لکھا، پی آئی اے سینئر افسران کے سرکاری فنڈز کے غلط استعمال کا خط جعلی ہے۔ اعلامیہ کے مطابق پی آئی اے کی جانب سے کمٹمنٹ پوری نہ کرنے کے باعث اکاؤنٹس منجمد کئے گئے تھے، جس کے سبب پی آئی اے کو کیش فلو میں مشکلات کا سامنا ہے۔ اکاؤنٹس منجمد کے معاملے پر دونوں اداروں کے حکام رابطے میں ہیں، امید ہے جلد معاملے کا حل نکل آئے گا۔

بقیہ 17

رپورٹ کے مطابق رواں سال 30 اگست تک 12 ریفرنسز نیب عدالتوں سے منتقل ہوئے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ سابق صدر آصف زرداری کے خلاف پارک لین ریفرنس احتساب عدالت نے ترامیم کے بعد واپس کر دیا، ترامیم سے فائدہ اٹھانے والوں میں سابق صدر آصف زرداری اور سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی بھی شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق خورشید انور جمالی، منظور قادر کاکا اور انور مجید کے نیب مقدمات بھی منتقل کئے گئے۔ نیب کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ جعلی اکاؤنٹس کیس کے مرکزی ملزم حسین لوائی کا کیس بھی نیب کے دائرہ کار سے باہر ہوگیا۔ رپورٹ کے مطابق اومنی گروپ کے عبدالغنی مجید کے خلاف نیب کیس بھی احتساب عدالت سے واپس ہوگئے۔ نیب کی رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ رواں سال مجموعی طور پر 22 مقدمات احتساب عدالتوں سے واپس ہوئے، نیب ترامیم کی روشنی میں 25 مقدمات دیگر فورمز کو منتقل کر دیئے گئے ہیں

بقیہ 18

ہے اور پارٹی کے لیے ان کی خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں دیگر حلقوں میں بھی ہم امید رکھتے ہیں کی انشاءاللہ ہم نے آقا کریم کے دین کو تحت پرلانا ہے ہم نے سب سے پہلے اللہ کے قانون کا نفاذ کرنا ہیاور ملک پاکستان میں اسلامی قوانین نافذ العمل کر کے سودی نظام کا خاتمہ کرنا ہے جب ملک میں دین اسلام کا بول بالا ہوگا تو یہ ملک خود بخود مسائل سے نکل کر ہر شعبہ میں ترقی کی راہ پر گامزن ہوجائے گا ہر طرف خوشحالی ہوگی۔ بدامنی اور دیگر مسائل کو بھی حل کرنا ہوگا

بقیہ 19

میں مہنگائی اور تنخواہوں میں اضافہ نہ ہونے کو ملازمین کی بددلی کی سب سے بڑی وجہ قرار دیا گیا اور بتایا گیا کہ تنخواہ پہلی چیز ہوتی ہے جس کی وجہ سے کوئی اپنے کام سے خوش یا ناخوش ہوتا ہے۔ رپورٹ میں ناخوش ملازمین کے جاب نہ چھوڑنے کو مارکیٹ میں مواقعوں کی کمی سے جوڑا گیا جس کے باعث ملازمین جہاں ہیں، وہیں پر کام کرنے کو ترجیح دیتے ہیں، مگر خاموشی سے کام کرنا چھوڑ دیتے ہیں۔ رپورٹ میں گیلپ سروے کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ ایسے ملازمین کی شرح 59 فیصد ہے، جن کا کام میں دل نہیں لگتا اور وہ کم کام کرتے ہیں۔ رپورٹ نے ناخوش ملازمین کی جانب سے کام میں کمی کے رجحان میں اضافے کو کمپنیوں اور ان کے مالکان کے رویہ کا نتیجہ بھی قرار دیا۔ بتایا گیا کہ چند کمپنیاں اور مالکان یہ سمجھتے ہیں کہ لیبر مارکیٹ میں ملازمتوں کے کم مواقعوں کے باعث کنٹرول ان کے پاس ہے، ملازمین کے پاس کہیں اور جانے کا موقع نہیں، اسی لیے وہ ملازمین کو مراعات نہیں دیتے، جس سے ملازمین میں بد دلی بڑھتی ہے۔ تحقیقاتی رپورٹ میں کمپنیوں کو مشورہ دیا گیا کہ ملازمین کے لیے کام کی جگہ پر حالات میں بہتری لائیں ورنہ ملازمین کی اکثریت اس وقت تک بددلی سے کام کرتی رہے گی جب تک نوکری چھوڑنے کا موقع نہیں مل جاتا۔

بقیہ 20

سے 500 ایکسٹیسی (نشہ آور) گولیاں برآمد کی گئیں۔ نوشہرہ کے رہائشی ملزم نے یونیورسٹی کے طلبا کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف کرلیا۔ موٹروے ٹول پلازہ پشاور کے قریب گاڑی سے 7 کلو چرس اور 5 کلو کرسٹل برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا، ملزمان منشیات پشاور سے پنجاب سمگل کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ کوہاٹ ٹنل کے قریب سمگلنگ کے لئے چھپائی گئی 6 کلو چرس برآمد کی گئی۔

بقیہ 21

کے ڈاکٹرز مریضوں کا مفت معائنہ کریں گے اور ادویات دیں گے، آنکھوں کے پیچیدہ امراض میں مبتلا مریضوں کو موقع پر ہی الشفاء ٹرسٹ آئی ہسپتال میں آپریشنز کیلئے لیزر دیئے جائیں گے جبکہ نظر کے چشموں کے فریمز بھی ارزاں نرخوں پر دستیاب ہوں گے نیز آنکھوں کے علاوہ دیگر امراض بارے مشورے کیلئے کیمپ میں لیڈی ڈاکٹر موجود ہوں گی

بقیہ 22

ور تمام ریونیو سٹاف کو تمام ریکارڈ سمیت کھلی کچہری میں طلب کیا کھلی کچہری میں شہریوں نے شکایات کے انبار لگا دیئے اے سی گوجر خان نے فرداً فرداً شہریوں کے مسائل سننے اور تمام ریونیو سٹاف اور متعلقہ افسران کو شہریوں کے مسائل کو فوری طور حل کرنے کے موقع احکامات دیئے اے سی گوجر خان نے شہریوں سے کہا کہ میرے دفتر کے دروازے ہر وقت ہر خاص و عام کے لیے ہر وقت کھلے ہیں اپکا کوئی بھی کسی بھی قسم کا کوئی مسلہ ہو مجھ تک پہنچائیں آپکے تمام جائز مسائل کو حل کروایا جائے گا انھوں نے ریونیو عملے کے افسران کو بھی تنبیہ کی کہ آنے والے سائلین کے تمام مسائل بروقت حل کریں غفلت اور لاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی مزید برآں انھوں نے کہا کہ تحصیل آفس میں ٹاوٹ مافیا کا داخلہ سختی سے منع ہے اور تمام شہری کسی بھی ٹاوٹ کے ذریعے اپنا کام مت کروائیں اگر کوئی بھی افسر یا ریونیو عملے کا بندہ کسی بھی ٹاوٹ مافیا کے ذریعے اپنی خدمات فراہم کرتے ہوئے پکڑا گیا تو سختی سے نمٹا جائے گا شہری اپنے تمام کام متعلقہ افسر یا اہلکار کے پاس خود جا کر کروائیں اگر کسی کا میرٹ پر کام نہیں ہوتا ڈائریکٹ میرے دفتر میں آجائیں

بقیہ 23

آباد کے علاقے بھائی والا پھاٹک پر سبزی فروش کے قتل کے مرکزی ملزم ولید کو کھرڑیاں والا سے گرفتار کر لیا گیا۔ ملزم اور اس کے ساتھی سرکاری کالج میں ایف اے کے طالب علم ہیں، ملزم ولید نے بس نہ روکنے پر ڈرائیور پر فائرنگ کی تھی، جس میں چار بچوں کا باپ سبزی فروش مقبول نشانہ بنا تھا جمعرہ روڈ پر چوبیس اگست کی دوپہر سرکاری کالج کے موٹر سائیکل سوار تین طالب علموں نے بس نہ روکنے کی رنجش پر ڈرائیور پر فائرنگ کی تھی۔ فائرنگ کے نتیجے میں وہاں سے اپنی گدھا گاڑی پر گزرتا ہوا سبزی فروش مقبول گولی لگنے سے موقع پر جاں بحق ہوگیا تھا، مقتول نواحی گاؤں باٹھاں کا رہائشی اور چار بچوں کا باپ تھا۔ واقعے کے بعد ملزمان فرار ہوگئے تھے، جن کے خلاف تھانہ ملت ٹاؤن میں مقدمہ درج ہے۔ آج بدھ کی صبح تھانہ کھرڑیاں والا پولیس نے مخبری پر مقامی گاؤں میں اپنے رشتے دار کے گھر میں روپوش مرکزی ملزم ولید کو گرفتار کر لیا، ولید کے دو ساتھی ملزم اور کلاس فیلو حسنین اور احتشام کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جارہے ہیں۔

بقیہ 24

نے کہا کہ حلقہ بندی دورانیہ محدود کر کے انتخابی شیڈول کا اعلان کریں گے، گذشتہ روز تحریک لبیک پاکستان (ٹی ایل پی) اور پاکستان مسلم لیگ (ق) کے وفود کے ساتھ دو اجلاس منعقد ہوئے، جس کی صدارت چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا نے کی اور کمیشن کے اراکین اور سیکریٹری کے ساتھ ساتھ دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ آرٹیکل ای-140 کے تحت الیکشن کمیشن صوبوں کے لوکل گورنمنٹ قوانین کے مطابق انتخابات کروانے کا پابند ہے، صوبہ جات اور حکومتیں الیکشن کروانا نہیں چاہتے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن جب انتخابات کے انعقاد کے لیے انتظامات مکمل کر لیتا ہے تو قوانین میں تبدیلی کر دی جاتی ہے۔ انکا کہنا کہ اسلام آباد میں یہی ہوا اور مزید انتقال کر جانے والے ووٹرز کے نام انتخابی فہرستوں سے خارج کرنے کے لیے الیکشن کمیشن نے نادرا اور یونین کونسل سے دستاویزات لے کر انتخابی فہرستوں سے ان کا اخراج یقینی بنایا ہے اور یہ کام مستقل بنیادوں پر جاری ہے۔

بقیہ 25

کرنے کیلئے بس سروس کی فراہمی کا دیرینہ مطالبہ پورا کر دیا گیا۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار ویمن منگھوپٹ کی طالبات کی سفری مشکلات کو دور کرنے کے لئے بسیں اور ہائی ایس وین فراہم کر دی گئیں۔ سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف آج (ہفتے کو) گرلز کالج منگھوپٹ میں طالبات کو پک اینڈ ڈراپ کی سہولت فراہم کرنے کیلئے بس سروس کا افتتاح کریں گے۔ یاد رہے کہ سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے 30 مئی 2023 کو گرلز کالج منگھوپٹ کا دورہ کیا اور طالبات کو درپیش سفری مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کو ٹرانسپورٹ کی سہولیات فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی تھی۔ سپیکر نے گرلز کالج منگھوپٹ کی طالبات کو درپیش سفری مشکلات کا معاملہ سابق وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کے سامنے اٹھایا جس پر انہوں نے متعلقہ حکام کو گرلز کالج منگھوپٹ کو فوری طور پر بسیں فراہم کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ ان بسوں کی فراہمی سے دور دراز سے آنے والی طالبات کو درپیش سفری مشکلات حل ہوں گی اور وہ پہلے سے زیادہ دلجمعی سے اپنی تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لے سکیں گی اور جو طالبات سفری سہولیات میسر نہ ہونے کی وجہ سے تعلیم جاری نہیں رکھ سکتی تھیں امید ہے کہ وہ بھی اپنی تعلیم مکمل کر سکیں گی۔ سپیکر کے اس اقدام پر اہل علاقہ، طالبات اور ان کے والدین کی طرف سے خوشی کا اظہار کیا گیا ہے۔ گوجر خان اور اس کے ملحقہ علاقوں میں تعلیم کے فروغ اور علاقے کی ترقی ک

صدارتی معافی کی طرح نیب سے معافیاں دی جا رہی ہیں، جسٹس چیف

چیف جسٹس پاکستان عمر عطاء بندیال نے کہا کہ ایف بی آر کو ملنے والی معلومات بطور ثبوت استعمال نہیں ہو سکتی

ایف بی آر کے بیرونِ ملک سے حاصل کردہ ریکارڈ عدالت میں قابلِ قبول شواہد کے طور پر پیش نہیں کیے جا سکتے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیف جسٹس پاکستان عمر عطاء بندیال نے نیب ترامیم کے خلاف چیئرمین پی ٹی آئی کی درخواست پر سپریم کورٹ آف پاکستان میں سماعت کے دوران ریمارکس میں کہا ہے کہ صدارتی معافی کی طرح نیب سے معافیاں دی جا رہی ہیں، ایف بی آر کے بیرونِ ملک سے حاصل کردہ ریکارڈ عدالت میں قابلِ قبول شواہد کے طور پر پیش نہیں کیے جا سکتے، کیا آئینِ پاکستان میں شکایت کنندہ کے حقوق درج ہیں، نیب ترامیم کے بعد بین الاقوامی قانونی مدد کے ذریعے ملنے والے شواہد قابلِ قبول نہیں رہے جبکہ جسٹس منصور علی شاہ نے کہا ہے کہ ایک منٹ کیلئے مان لیتے ہیں کہ ارکانِ پارلیمنٹ نے خود کو فائدہ پہنچانے کیلئے ترامیم کیں، کیا ہم نیب ترامیم کو کالعدم قرار دے دیں اگر ہم کالعدم قرار بھی دیں تو کس قانون کے تحت نیب ترامیم کو کالعدم قرار دیں (بقیہ نمبر 30)

خیبر: سکیورٹی فورسز کے ساتھ جھڑپ میں دہشتگرد ہلاک، حوالدار شہید

نواز شریف پاکستان کی موجودہ معاشی و سیاسی صورتحال پر پریشان ہیں، کامران ٹیسوری

چودھری پرویز الٰہی کی گرفتاری عدالتی معاملہ ہے، میاں نواز شریف پاکستان کی موجودہ معاشی و سیاسی صورتحال پر پریشان ہیں

ملاقات میں ملک کی معاشی اصلاحات کے حوالے سے تفصیلی گفتگو ہوئی، نواز شریف کی واپسی کا فیصلہ ان کی پارٹی مسلم لیگ ن کرے گی

لندن (نیوز ڈیسک) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ چودھری پرویز الٰہی کی گرفتاری عدالتی معاملہ ہے، میاں نواز شریف پاکستان کی موجودہ معاشی و سیاسی صورتحال پر پریشان ہیں۔ لندن میں نواز شریف سے ملاقات کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ نواز شریف کا کہنا تھا کہ 2017 میں جب ان کی حکومت تھی بجلی کا بل 15 سو سے 2 ہزار آتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ملاقات میں ملک کی معاشی اصلاحات کے حوالے سے تفصیلی گفتگو ہوئی، نواز شریف کی واپسی کا فیصلہ ان کی پارٹی مسلم لیگ ن کرے گی۔ کامران ٹیسوری کے مطابق میاں صاحب کا کہنا تھا کہ ملک کی موجودہ صورتحال پر ذمہ دارانہ کا احتساب ہونا چاہیے، عمران خان نے اپنے ساڑھے تین سالہ دور میں کوئی معاشی پالیسی نہیں دی۔ گورنر سندھ نے کہا کہ (بقیہ نمبر 1 3)

لندن: نواز شریف پاکستان کی موجودہ معاشی و سیاسی صورتحال پر پریشان ہیں: کامران ٹیسوری گفتگو کر رہے ہیں

اسلام آباد: الیکشن کمیشن کا نئی حلقہ بندیاں 30 نومبر تک مکمل کرنے کا فیصلہ

نیب ترامیم سے فائدہ اٹھانے والوں کی تفصیلات سپریم کورٹ میں پیش

رواں سال مجموعی طور پر 22 مقدمات احتساب عدالتوں سے واپس ہوئے

ترامیم سے فائدہ اٹھانے والوں میں آصف زرداری اور شاہد خاقان عباسی بھی شامل ہیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) نیب ترامیم سے کس کس ملزم کو فائدہ پہنچا، نیب نے عدالت میں رپورٹ پیش کر دی۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ میں نیب ترامیم کیخلاف چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی درخواست پر سماعت ہوئی، نیب ترامیم سے رواں سال فائدہ اٹھانے والوں کی تفصیلات عدالت میں پیش کر دی گئیں۔ ترامیم سے فائدہ اٹھانے والوں میں سابق صدر آصف زرداری اور سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی سمیت دیگر شامل ہیں۔ نیب رپورٹ میں کہا گیا کہ رواں سال 30 تک 12 ریفرنس (بقیہ نمبر 33)

دریائے ستلج میں پانی کے بہاؤ میں مسلسل کمی آ رہی ہے، ترجمان پی ڈی ایم اے

دریائے ستلج میں طغیانی سے متاثرہ اضلاع میں ریلیف آپریشن جاری ہے

17 سے 31 اگست کے دوران 595 دیہات کو احتیاطاً مکمل یا جزوی خالی کرایا گیا

لاہور (خصوصی رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی پنجاب عمران قریشی نے کہا ہے کہ دریائے ستلج میں پانی کے بہاؤ میں مسلسل کمی آ رہی ہے۔ جمعے کو سیلاب اور امدادی سرگرمیوں کے حوالے سے جاری رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ دریائے ستلج میں گنڈا سنگھ والا کے مقام پر پانی کا بہاؤ 59 ہزار 287 کیوسک ہے جو نچلے درجے کا سیلاب ہے، اسی طرح ہیڈ سلیمانکی کے مقام پر پانی کی آمد 81 ہزار 794 کیوسک اور اخراج 67 ہزار 847 کیوسک ہے، یہاں بھی (بقیہ نمبر 32)

ملتان میں ریونیو کچہری، 500 شہریوں کے مسائل سنے گئے

ملتان (جنرل رپورٹر) حکومت پنجاب کی ہدایت پر جمعہ کو ریونیو کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے رضا ہال میں 5 سو سے زائد شہریوں کے مسائل سنے گئے۔ ڈپٹی کمشنر عمر جہانگیر کی ہدایت پر ریونیو افسران نے موقع پر احکامات جاری کئے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو، اسسٹنٹ کمشنرز اور سب رجسٹرار سمیت تمام ریونیو (بقیہ نمبر 39)

اگست میں مقررہ ہدف سے 20 ارب زائد ٹیکس جمع

گزشتہ اگست کے مقابلے ٹیکس ریونیو میں 34.5 فیصد اضافہ ریکارڈ ہوا ہے

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) ایف بی آر نے اگست میں ہدف سے 20 ارب روپے زائد ٹیکس جمع کر لیا۔ ایف بی آر کے جاری بیان کے مطابق اگست میں 669 ارب روپے ٹیکس جمع کیا گیا ہے جبکہ ٹیکس وصولی کا ہدف 649 ارب روپے تھا۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ اگست کے مقابلے ٹیکس ریونیو میں 34.5 فیصد اضافہ ریکارڈ ہوا ہے۔ اگست 2022 میں 494 ارب روپے ٹیکس اکٹھا کیا گیا تھا، رواں ماہ ٹیکس وصولی آئی ایم ایف سے طے شدہ ہدف کے مطابق رہی ہے۔ جبکہ ٹیکس وصولی کا ہدف (بقیہ نمبر 40)

سول لائنز پولیس کا کچہری چوک و گردونواح میں سرچ آپریشن

26 کرایہ داروں، 45 دوکانوں اور 294 افراد کے کوائف چیک کیے گئے

سرچ آپریشن میں گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور افراد کی چیکنگ

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) سول لائنز پولیس کا کچہری چوک و گردونواح میں سرچ آپریشن، سرچ آپریشن میں گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور افراد کی چیکنگ۔ تفصیلات کے مطابق سول لائنز پولیس نے کچہری چوک و گردونواح میں سرچ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں مقامی پولیس سمیت، لیڈی پولیس، ایلیٹ فورس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے شرکت کی، سرچ آپریشن کے دوران مجموعی طور پر 49 گھروں، 26 کرایہ داروں، 45 دوکانوں اور 294 افراد کے کوائف چیک کیے گئے، ایس پی پوٹھوہار کا کہنا ہے کہ سرچ آپریشنز کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کرنا ہے، نیشنل ایکشن پلان کے تحت سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری رہے گا۔ سول لائنز پولیس کا کچہری چوک و گردونواح میں سرچ آپریشن، سرچ آپریشن میں گھروں، کرایہ داروں کے کرایہ داری کوائف اور افراد کی چیکنگ۔ تفصیلات کے مطابق سول لائنز پولیس نے کچہری چوک و گردونواح میں سرچ آپریشن کیا، سرچ آپریشن (بقیہ نمبر 38)

عمران کی زندگی اہم، حاضری سے استثنیٰ، خصوصی عدالت کا حکم جاری

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) سیکرٹ ایکٹ کے تحت قائم خصوصی عدالت نے کہا ہے کہ عمران کی زندگی اہم ہے، اسی لئے حاضری سے استثنیٰ دیا، جسمانی ریمانڈ بھی منظور نہیں کیا۔ تفصیلات کے مطابق آفیشل سیکریٹ ایکٹ کے تحت قائم خصوصی عدالت نے عمران خان کا جسمانی ریمانڈ منظور نہ کرنے حکم نامہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ خصوصی عدالت (بقیہ نمبر 36)

کارسرکار میں مداخلت کا مقدمہ، عدالت کا حلیم عادل شیخ کو رہا کرنے کا حکم

عدالت کا حلیم عادل شیخ کا مزید ریمانڈ دینے سے انکار، 20 ہزار روپے کے ضمانتی مچلکے جمع کرانے کا حکم

کراچی (اسٹیشنل رپورٹر) سٹی کورٹ نے پی ٹی آئی رہنما حلیم عادل شیخ کو ضمانت پر رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ کو جوڈیشل مجسٹریٹ کراچی ساؤتھ کی عدالت میں پیش کر دیا گیا۔ عدالت نے کارسرکار میں مداخلت کے مقدمے میں حلیم عادل شیخ کی ضمانت منظور کر لی، عدالت نے حلیم عادل شیخ کو 20 ہزار روپے ضمانتی مچلکے جمع کرانے کا حکم دیتے ہوئے رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ حلیم عادل شیخ کو گزشتہ روز انسداد دہشتگردی کی عدالت (بقیہ نمبر 34)

لیڈی ٹیچر سے ڈکیتی اور تشدد میں ملوث دوسرا ڈاکو رمضان بھی گرفتار

شہریوں کے جان و مال پر حملہ کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

گرفتار ڈاکو رمضان کو پولیس سے چھڑوانے کے لئے ملزم کے ساتھیوں کی پولیس پارٹی فائرنگ

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی اہم کامیابی، لیڈی ٹیچر سے ڈکیتی اور تشدد میں ملوث دوسرا ڈاکو رمضان بھی گرفتار، گرفتار ڈاکو رمضان کو پولیس سے چھڑوانے کے لئے ملزم کے ساتھیوں کی پولیس پارٹی فائرنگ، فائرنگ کے دوران ملزم زخمی، پولیس پارٹی الحمدللہ محفوظ رہی خاتون ٹیچر سے واردات کرنے والے دونوں ڈاکو گرفتار ہو چکے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے لیڈی ٹیچر سے ڈکیتی اور تشدد میں ملوث دوسرے ڈاکو رمضان کو بھی گرفتار کر لیا، گرفتار ڈاکو رمضان کو پولیس سے چھڑوانے کے لئے ملزم کے ساتھیوں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی، فائرنگ کے دوران ملزم زخمی ہوا جبکہ پولیس پارٹی الحمدللہ محفوظ رہی، وارث خان پولیس ملزم کو گرفتاری کے بعد برآمدگی کے لئے لے جا رہی تھی کہ ملزم کے ساتھیوں نے فائرنگ کی اور فرار ہو گئے، واقعہ کی اطلاع پر سینئر پولیس افسران موقع پر پہنچ گئے، زخمی کو ہسپتال منتقل کیا گیا ہے، موقع سے شواہد اکٹھے کئے گئے ہیں، فائرنگ کرنے والے ملزمان (بقیہ نمبر 35)

چیف سیکریٹری گلگت بلتستان کی زیر صدارت گلگت بلتستان میں بجلی بل/ بقایاجات کی ریکوری کے سلسلے میں اہم اجلاس

گلگت (خبر نگار) وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان کے خصوصی احکامات کی روشنی میں چیف سیکریٹری گلگت بلتستان کی زیر صدارت گلگت بلتستان میں بجلی بل/ بقایاجات کی ریکوری کے سلسلے میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکریٹری، سیکریٹری داخلہ، سیکریٹری خزانہ، سکریٹری پانی و بجلی، انسپکٹر جنرل پولیس، کمشنر گلگت و دیگر شریک ہوئے۔ اجلاس میں گلگت بلتستان میں بجلی بل/ بقایاجات کی ریکوری کے لیے اہم فیصلے کیے گئے۔ اس سلسلے میں گلگت بلتستان سطح پر سپیشل (بقیہ نمبر 37)

9 جوانوں کی شہادت پر دل غمزدہ، قوم افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، عبدالعلیم خان

صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان نے قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی اور بہادر بیٹوں کو سلام پیش کرتی ہے

جوان وطن کی حفاظت کے لئے ہمیشہ سینہ سپر ہیں، اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند، زخمیوں کو جلد از جلد صحت یاب کرے، آمین

لاہور (خصوصی خبر نگار) صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ بنوں میں 9 جوانوں کی شہادت پر دل غمزدہ ہے، قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ سوشل میڈیا پر بیان میں عبدالعلیم خان نے کہا کہ بنوں میں 9 جوانوں کی شہادت پر دل دکھی اور غمزدہ ہے، فوجی جوانوں نے ہمیشہ جانوں کے نذرانے پیش کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی اور بہادر بیٹوں کو سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جوان وطن کی حفاظت کے لئے ہمیشہ سینہ سپر ہیں، اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند، زخمیوں کو جلد از جلد صحت یاب کرے، آمین۔ صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 41)

ملتان سیکرٹری پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ نادر چھڈ اور کمشنر ملتان ڈویژن انجینئر عامر خٹک کینٹ کالج کا مجوزہ جگہ پر بریفنگ لے رہے ہیں

بزدل دشمن بہادر قوم کے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتا، دہشتگردوں کو شکست فاش ہوگی، سینیٹر شمینہ ممتاز زہری

کوئٹہ (اسپیشل رپورٹر) بلوچستان عوامی پارٹی کی مرکزی نائب صدر سینیٹر شمینہ ممتاز زہری نے خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں کے علاقے جانی خیل میں فوجی قافلے پر موٹر سائیکل سوار خودکش بمبار کے حملے میں 9 جوانوں کی شہادت پر گہرے رنج و غم اور شدید غصے کا اظہار کیا۔ اپنے بیان میں واقعے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شہدا نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے (بقیہ نمبر 42)

نگران صوبائی وزیر داخلہ میر زبیر خان جمالی کا بنوں میں سیکیورٹی فورس پر دہشت گرد حملے کی مذمت

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) نگران صوبائی وزیر داخلہ میر زبیر خان جمالی نے بنوں میں سیکیورٹی فورس پر بزدلانہ دہشت گرد حملے کی مذمت کرتے ہوئے حملے میں 9 سیکیورٹی اہلکاروں کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں نگران صوبائی وزیر داخلہ میر زبیر خان جمالی نے کہا ہے کہ بہادر سیکیورٹی اہلکاروں نے وطن عزیز کے تحفظ کی خاطر جانوں کے نذرانے پیش کیے۔ (بقیہ نمبر 43)

کمشنر، ڈپٹی کمشنر کا ڈویژنل پبلک سکول و کالج ڈیرہ غازی خان کا دورہ

ڈی پی ایس پہنچنے پر پرنسپل کرنل ریٹائرڈ آصف سلیم اور سٹاف نے ان کا استقبال کیا

ڈیرہ غازی خان (سٹی رپورٹر) کمشنر ڈاکٹر ناصر محمود بشیر اور ڈپٹی کمشنر مہر شاہد زمان لک نے ڈویژنل پبلک سکول و کالج ڈیرہ غازی خان کا دورہ کیا۔ ڈی پی ایس پہنچنے پر پرنسپل کرنل ریٹائرڈ آصف سلیم اور سٹاف نے ان کا استقبال کیا۔ اس موقع پر کمشنر اور ڈپٹی کمشنر نے ڈی پی ایس میں سپیشل بچوں کیلئے اوٹزم (روشنی سنٹر) اور واٹر فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح کیا۔ صدر ڈسٹرکٹ بار قیصر عباس خٹک (بقیہ نمبر 46)

وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی کا سید علی گیلانی کو ان کی دوسری برسی پر خراج عقیدت

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) نگران وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی نے کشمیر کی جدوجہد آزادی کے ممتاز رہنما سید علی شاہ گیلانی کو ان کی دوسری برسی پر شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔ جمعہ کو (بقیہ نمبر 45)

فیصل آباد، نوسربازوں نے کاروبار کا جھانسہ دیکر 4 شہریوں سے سوا کروڑ روپے لیکر فرار ہو گئے

فیصل آباد (کرائم رپورٹر) فیصل آباد نوسربازوں نے کاروبار کا جھانسہ دیکر 4 شہریوں سے سوا کروڑ روپے لیکر فرار ہو گئے رقم کی واپسی کا مطالبہ کرنے پر چیک دیئے جو کہ بنک سے کیش نہ ہو سکے پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے، تفصیلات کے مطابق جناح کالونی کے اعجاز نے بتایا کہ ملزمان سراج اور اسکے بیٹے بلال نے (بقیہ نمبر 47)

اے سی گوجر خان، سی او بلدیہ کی ہدایات پر ریڑھی بانوں کے خلاف آپریشن

انفورسمنٹ عملے نے جی ٹی روڈ پر تجاوز متعدد ریڑھیاں بلدیہ آفس منتقل کر دیں

گوجر خان (قمر شہزاد) اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان میاں مراد حسین نجیو کارہ کے احکامات اور سی او بلدیہ اظہر مجید کی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے انفورسمنٹ ٹیم کا جی ٹی روڈ پر ٹریفک کی روانی میں خلل ڈالنے والے ریڑھی بانوں کے خلاف کریک ڈان مختلف اوقات میں آپریشن کر کے ریڑھیاں بھی ضبط کرنے کے باوجود ریڑھی بان جی ٹی روڈ پر تجاوز اور دیدہ دلیری دھڑلے سے روڈ کے اوپر ریڑھیاں لگا کر براجمان ہونے کی بنا پر اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان کی ہدایات پر شعبہ تجاوزات کی ٹیم نے آج ایک آپریشن کیا اور متعدد ریڑھیوں کو قبضے میں لیکر بلدیہ آفس میں منتقل کر دیا اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان نے (بقیہ نمبر 44)

اسلام آباد: وزارت خزانہ نے میکرو اکنامک کے مختلف عوامل کے باعث مالی صورتحال کمزور قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کے قرضوں کو مالی خطرہ قرار دے دیا۔

وزارت خزانہ نے وفاقی حکومت کے قرضوں کو مالی خطرہ قرار دے دیا

رپورٹ میں بتایا گیا کہ جی ڈی پی گروتھ، مہنگائی، شرح سود، ایکسچینج ریٹ مالی خطرات کے عوامل میں شامل ہیں

وزارت خزانہ کی جانب سے فسکل رسک اسٹیٹمنٹ رپورٹ میں کہا گیا کہ ملک کا سرکاری قرضہ جی ڈی پی کے 78.4 فیصد پر پہنچ گیا

رپورٹ کے مطابق سرکاری اداروں کے نقصانات مالی خطرات میں شامل ہیں اور حکومتی گارنٹیز جی ڈی پی کے 4.5 فیصد پر پہنچ گئے ہیں

اسلام آباد (نامہ نگار) وزارت خزانہ نے میکرو اکنامک کے مختلف عوامل کے باعث مالی صورتحال کمزور قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کے قرضوں کو مالی خطرہ قرار دے دیا۔ وزارت خزانہ کی جانب سے فسکل رسک اسٹیٹمنٹ رپورٹ میں کہا گیا کہ ملک کا سرکاری قرضہ جی ڈی پی کے 78.4 فیصد پر پہنچ گیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ جی ڈی پی گروتھ، مہنگائی، شرح سود، ایکسچینج ریٹ مالی خطرات کے عوامل میں شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق سرکاری اداروں کے قرضے اور گارنٹیز جی ڈی پی کے 9.7 فیصد پر پہنچ گئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق سرکاری اداروں کے نقصانات مالی خطرات میں شامل ہیں اور حکومتی گارنٹیز جی ڈی پی کے 4.5 فیصد پر پہنچ گئے ہیں جبکہ حکومتی سطح پر پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کیپٹل اسٹاک میں اضافے کا امکان ہے۔ رپورٹ کے مطابق پالیسی اقدامات پر عملدرآمد میں تاخیر بھی مالی خطرات میں شامل ہے اور حالیہ 2022 کے سیلاب نے جی ڈی پی 2.2 فیصد گرا دی (بقیہ نمبر 49)

کیپٹل سٹی پولیس آفیسر لاہور بلال صدیق کمیانہ کا رات گئے صوبائی دارالحکومت کے 4 تھانوں کا دورہ

لاہور (اسپیشل رپورٹر) کیپٹل سٹی پولیس آفیسر لاہور بلال صدیق کمیانہ نے رات گئے صوبائی دارالحکومت کے 4 تھانوں کا دورہ کیا۔ سی سی پی او نے تھانہ باٹا پور، تھانہ مناواں، تھانہ ہربنس پورہ اور تھانہ غازی آباد کی انسپکشن کی اور ریکارڈ رجسٹرز، حوالات اور پولیس بیرکوں سمیت مختلف شعبوں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے فرنٹ ڈیسک پر درخواستوں کا ریکارڈ بھی چیک کیا۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے تھانوں میں صفائی کے ناقص انتظامات پر برہمی کا اظہار کیا اور واش رومز کی متواتر صفائی اور لائٹنگ کے بہتر انتظامات کی ہدایت کی۔ سی سی پی او لاہور نے حوالات میں بند ملزمان سے بنیادی سہولتوں کی فراہمی بارے استفسار کیا اور کہا کہ تھانوں اور دفاتر میں صفائی ستھرائی کے بہتر انتظامات سے خوشگوار ماحول میسر آئے گا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تھانوں میں سائلین کے بیٹھنے اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی (بقیہ نمبر 48)

فورسز کو چینی، آٹے کی سمگلنگ روکنے کا پابند کر دیا ہے، سرفراز بگٹی

انتخابات میں دو، چار ماہ کا التواء تاخیر نہیں، مختصر مدت کے لئے آئے ہیں، میڈیا سے گفتگو

پاکستان کی سالمیت پر ہونے والے حملوں کا مقابلہ کریں گے، یہ ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتے

کراچی (جنرل رپورٹر) نگران وزیر داخلہ سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ فورسز کو چینی، آٹے کی سمگلنگ روکنے کا پابند کر دیا ہے، ریاست پر حملے حوصلے پست نہیں کر سکتے، انتخابات میں دو، چار ماہ کا التواء تاخیر نہیں، مختصر مدت کے لئے آئے ہیں۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے نگران وزیر داخلہ داخلہ سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ عام انتخابات سے قبل حلقہ بندیاں ہوں گی، ہم مختصر عرصے کے لئے آئے ہیں، الیکشن میں دو چار مہینے کے التواء کو تاخیر نہیں سمجھتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سالمیت پر ہونے والے حملوں کا مقابلہ کریں گے، یہ ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی پاکستان کا دل ہے، اس کا امن پاکستان کا امن ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام فورسز کو چینی اور آٹے کی سمگلنگ روکنے کا پابند کر دیا ہے۔

نگران صوبائی وزیر اطلاعات جان اچکزئی کی بنوں میں سیکیورٹی فورسز پر خودکش حملے کی مذمت

کوئٹہ (نیوز رپورٹر) بلوچستان کے نگران وزیر اطلاعات جان اچکزئی نے بنوں میں سیکیورٹی فورسز کے قافلے پر ٹارگٹڈ خودکش بم حملے کی انتہائی مذمت کرتے ہوئے حملے میں 9 فوجیوں کے شہید اور 20 دیگر کے زخمی ہونے پر اپنے گہرے دکھ اور دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں وزیر اطلاعات جان اچکزئی نے اس بات پر زور دیا کہ (بقیہ نمبر 52)

ڈپٹی کمشنر نارووال کی سربراہی میں ضلع کی تینوں تحصیلوں میں ریونیو خدمت کھلی کچہریوں کا انعقاد

نارووال (نیوز رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر محمد اشرف کی سربراہی میں ضلع کی تینوں تحصیلوں میں ریونیو خدمت کچہری کا انعقاد کیا گیا ہے، اسسٹنٹ کمشنر خضر ظہور ورائیہ نے شکر گڑھ جبکہ اسسٹنٹ کمشنر فاروق ا (بقیہ نمبر 53)

فیصل آباد تعلیمی بورڈ کا کارنامہ، انٹرمیڈیٹ کی سند میں پرسنٹیج کی جگہ گریڈ کا کالم چھاپ دیا

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد تعلیمی بورڈ نے انٹرمیڈیٹ کی سند میں پرسنٹیج کی جگہ گریڈ کا کالم چھاپ دیا۔ فیصل آباد تعلیمی بورڈ کی جانب سے 2020 کی سند میں گریڈ اور پرسنٹیج کی جگہ والے کالم میں غلطی کی گئی ہے۔ تعلیمی بورڈ نے انٹرمیڈیٹ کی سند میں پرسنٹیج کی

چیف سیکرٹری کا سپیشل برانچ ہیڈ کوارٹرز (رابرٹس کلب) کا دورہ

آئی ٹی کے ذریعے خدمات کی فراہمی بہتر بنانے کی ضرورت ہے

آئی جی پنجاب اور ایڈیشنل آئی جی سپیشل برانچ مبارکباد کے مستحق ہیں، زاہد اختر زمان

لاہور (خصوصی رپورٹر) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے پنجاب پولیس سپیشل برانچ ہیڈ کوارٹرز (رابرٹس کلب) کا دورہ کیا اور تاریخی حالت میں بحال کئے گئے کینن بلاک کی افتتاحی تختی کی نقاب کشائی کی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور ایڈیشنل آئی جی سپیشل برانچ ذوالفقار حمید نے چیف سیکرٹری پنجاب کو خوش آمدید کہا۔ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے خدمات کی فراہمی مزید بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ سرکاری اداروں کو دور جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ محکموں کی استعداد میں اضافے کیلئے ہر ممکن وسائل فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 50)

اے این ایف کا منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈان جاری

7 کاروائیوں کے دوران 45 کلوگرام منشیات برآمد، 5 ملزمان گرفتار

نوشہرہ (سٹاف رپورٹر) اباسین یونیورسٹی پشاور کے قریب ملزم کے قبضے سے 1500 ایکسٹیسی) نشہ آور (گولیاں برآمد۔ نوشہرہ کے رہائشی ملزم کا یونیورسٹی کے طلبا کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف۔ موٹروے ٹول پلازہ پشاور کے قریب گاڑی سے 7 کلو چرس اور 5 کلو کرسٹل برآمد۔ دو ملزمان منشیات پشاور سے پنجاب اسمگل کرنے کی کوشش میں گرفتار۔ کوہاٹ ٹنل کے قریب اسمگلنگ کے لئے چھپائی (بقیہ نمبر 51)

اے این ایف کا منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈان جاری، برآمد شدہ مال میڈیا کے سامنے پیش کیا جا رہا ہے

کلر سیداں پولیس کی کاروائی، کار چوری کی واردات میں ملوث ملزم گرفتار

شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اولین ترجیح ہے، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر

ملزم قبل ازیں گاڑی چوری اور موٹر سائکل چوری کی وارداتوں میں ریکارڈ یافتہ ہے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) کلر سیداں پولیس کی کاروائی، کار چوری کی واردات میں ملوث ملزم گرفتار، مسروقہ کرولا کار برآمد۔ تفصیلات کے مطابق کلر سیداں پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے کار چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم ارشد کو گرفتار کر لیا، ملزم سے مسروقہ کرولا کار برآمد ہوئی، ملزم قبل ازیں گاڑی چوری اور موٹر سائکل چوری کی وارداتوں میں ریکارڈ یافتہ ہے، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے ایس ایچ او کلر سیداں اور پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اولین ترجیح ہے، منظم اور متحرک گینگز کے خلاف گھیرا تنگ کیا جا رہا ہے۔ کار چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم ارشد کو گرفتار کر لیا، ملزم سے مسروقہ کرولا کار برآمد ہوئی، ملزم قبل ازیں گاڑی چوری اور موٹر سائکل (بقیہ نمبر 56)

2016 میں اب گریڈ ہونے والے گورنمنٹ مڈل سکول پھین کئی برس گزر جانے کے باوجود سٹاف کی کمی سے دوچار

کھوئی رٹہ (نیوز رپورٹر) تعلیمی مینجمنٹ کمیٹی پھین کے صدر ظہور احمد گوری نے کہا کہ 2016 میں اب گریڈ ہونے والے گورنمنٹ مڈل سکول پھین کئی برس گزر جانے کے باوجود سٹاف کی کمی سے دوچار ہے محکمہ تعلیم کے اعلیٰ حکام کی عدم دلچسپی غریب طلباء تعلیم کو ادھورا چھوڑنے پر مجبور ہیں عوام علاقہ کے پھین کے دیرینہ مطالبے کو پورا کیا جائے ان (بقیہ نمبر 54)

ڈی پی او کا سیالکوٹ چیمبر کا دورہ، تاجر برادری کے ساتھ مل کر کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا

سیالکوٹ (نیوز رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) محمد حسن اقبال نے سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا اور صدر چیمبر سے ملاقات کی۔ ملاقات میں سیالکوٹ میں امن و امان کو برقرار رکھنے کے لیے تاجر برادری (بقیہ نمبر 60)

ڈگری اور نواح کے سیلاب متاثرین کے گھروں کی تعمیر کا حکومت سندھ کا منصوبہ کٹھائی میں پڑ گیا

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) ڈگری اور نواح کے سیلاب متاثرین کے گھروں کی تعمیر کا حکومت سندھ کا منصوبہ کٹھائی میں پڑ گیا، پہلی قسط 75 ہزار جبکہ بنیاد کا خرچ 1 لاکھ سے اوپر، سیلاب متاثر مستحق خاندان پریشان گھر تعمیر کیسے کریں تفصیل کے مطابق سال 2022 میں آنے والے سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کا سروے سندھ حکومت کی جانب سے کیا گیا اور زرائع کے مطابق 14 ہزار خاندانوں کو سندھ حکومت کے گھروں کی تعمیر کے حوالے سے رجسٹر کیا گیا اور یہ پروجیکٹ ایک نجی این جی (بقیہ نمبر 61)

قائداعظم یونیورسٹی میں تیندوے کی موجودگی کی اطلاع

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) اسلام آباد کی یونیورسٹی میں تیندوے کی اینٹری، تلاش شروع کر دی گئی۔ میڈیا ر